قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ﴿۴۹﴾

تم فرماؤ بے شک سب اگلے اور پچھلے

Marfat.com

لَمَجۡمُوۡعُوۡنَ ۬ۙ اِلٰی مِیۡقَاتِ یَوۡمٍ

ضرور اکٹھے کئے جائیں گے ایک جانے ہوئے دن کی

مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّکُمۡ اَیُّہَا الضَّآلُّوۡنَ

میعاد پر پھر بے شک اے گمراہو جھٹلانے

الۡمُکَذِّبُوۡنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰکِلُوۡنَ مِنۡ شَجَرٍ

والو ضرور تھوہر کے پیڑ میں سے

مِّنۡ زَقُّوۡمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوۡنَ مِنۡہَا

کھاؤ گے پھر اس سے پیٹ

الۡبُطُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوۡنَ عَلَیۡہِ مِنَ

بھرو گے پھر اس پر کھولتا پانی

الۡحَمِیۡمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوۡنَ شُرۡبَ الۡہِیۡمِ ﴿۵۵﴾

پیو گے پھر ایسا پیو گے جیسے سخت پیاسے اونٹ پئیں

ہٰذَا نُزُلُہُمۡ یَوۡمَ الدِّیۡنِ ﴿۵۶﴾ نَحۡنُ

یہ ان کی مہمانی ہے انصاف کے دن ہم نے

خَلَقۡنٰکُمۡ فَلَوۡلَا تُصَدِّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾

تمہیں پیدا کیا تو تم کیوں نہیں سچ مانتے

Marfat.com

أَفَرَءَيْتُم مَّا تُمْنُونَ ۝٥٨ ءَأَنتُمْ

تو بھلا دیکھو تو وہ منی جو گراتے ہو کیا تم اس کا

تَخْلُقُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلْخَٰلِقُونَ ۝٥٩ نَحْنُ

آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں ہم نے

قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ ٱلْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

تم میں مرنا ٹھہرایا اور ہم اس سے

بِمَسْبُوقِينَ ۝٦٠ عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَٰلَكُمْ

ہارے نہیں کہ تم جیسے اور بدل دیں

وَنُنشِئَكُمْ فِى مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝٦١ وَلَقَدْ

اور تمہاری صورتیں وہ کر دیں جس کی تمہیں خبر نہیں اور بیشک

عَلِمْتُمُ ٱلنَّشْأَةَ ٱلْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ۝٦٢

تم جان چکے ہو پہلی اٹھان پھر کیوں نہیں سوچتے

أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ۝٦٣ ءَأَنتُمْ

تو بھلا بتاؤ تو جو بوتے ہو تو کیا تم

تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلزَّٰرِعُونَ ۝٦٤

اس کی کھیتی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں

Marfat.com

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطٰمًا فَظَلْتُمْ

ہم چاہیں تو اسے روندن کر دیں پھر تم باتیں

تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ

بناتے رہ جاؤ ہم پر چٹی پڑی بلکہ

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَرَءَيْتُمُ

ہم بے نصیب رہے تو بھلا بتاؤ

الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ

تو وہ پانی جو پیتے ہو کیا تم نے

اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ

اسے بادل سے اُتارا یا ہم ہیں

الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا

اُتارنے والے ہم چاہیں تو اسے کھاری کر دیں

فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ

پھر کیوں نہیں شکر کرتے تو بھلا بتاؤ تو وہ آگ

الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

جو تم روشن کرتے ہو کیا تم نے اس کا

Marfat.com

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ﴿۷۲﴾ نَحْنُ

پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں پیدا کرنے والے ہم نے

جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿۷۳﴾ ج

اسے جہنم کا یادگار بنایا اور جنگل میں مسافروں کا فائدہ

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ ع

تو اے محبوب تم پاکی بولو اپنے عظمت والے رب کے نام کی

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ لا وَاِنَّهٗ

تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو

لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾ لا اِنَّهٗ

تو یہ بڑی قسم ہے بے شک

لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ لا فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لا

یہ عزت والا قرآن ہے محفوظ نوشتہ میں

لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ ط تَنْزِيْلٌ

اسے نہ چھوئیں مگر باوضو اُتارا ہوا

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِهٰذَا

ہے سارے جہان کے رب کا تو کیا

Marfat.com

الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ﴿٨١﴾ وَ

اس بات میں تم سستی کرتے ہو اور

تَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ﴿٨٢﴾

اپنا حصہ یہ کہتے ہو کہ جھٹلاتے ہو

فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ﴿٨٣﴾ وَأَنتُمْ

پھر کیوں نہ ہو جب جان گلے تک پہنچے اور تم

حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ أَقْرَبُ

اس وقت دیکھ رہے ہو اور ہم اس کے زیادہ

إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ ﴿٨٥﴾

پاس ہیں تم سے مگر تمہیں نگاہ نہیں

فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ﴿٨٦﴾

تو کیوں نہ ہوا اگر تمہیں بدلہ ملنا نہیں

تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٨٧﴾

کہ اسے لوٹا لاتے اگر تم سچے ہو

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٨٨﴾

پھر وہ مرنے والا اگر مقربوں سے ہے

Marfat.com

فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾

تو راحت ہے اور پھول اور چین کے باغ

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ

اور اگر داہنی طرف والوں سے

الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ

ہو تو اے محبوب تم پر سلام ہو داہنی طرف

الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

والوں سے اور اگر جھٹلانے والے گمراہوں

الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ

میں سے ہو تو اس کی مہمانی

حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ

کھولتا پانی اور بھڑکتی آگ میں دھنسانا یہ بیشک

هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ

اعلیٰ درجہ کی یقینی بات ہے تو اے محبوب

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

تم اپنے عظمت والے رب کی پاکی بولو

## سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سُورۃ جمعہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

اور جو زمین میں ہے بادشاہ کمال پاکی والا

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ

عزّت والا حکمت والا وہی ہے جس نے

بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

ان پڑھوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا کہ ان پر

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

اس کی آیتیں پڑھتے ہیں اور انھیں پاک کرتے ہیں

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ق

اور انھیں کتاب اور حکمت کا علم عطا فرماتے ہیں

Marfat.com

وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ

اور بے شک وہ اس سے پہلے ضرور کھلی گمراہی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ

میں تھے اور ان میں سے اوروں کو پاک

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

کرتے اور علم عطا فرماتے ہیں جو ان اگلوں سے نہ ملے اور وہی عزت والا

الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ

حکمت والا ہے یہ اللہ کا فضل ہے

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ

جسے چاہے دے اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ

بڑے فضل والا ہے ان کی مثال

الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ

جن پر توریت رکھی گئی تھی پھر

لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ

انہوں نے اس کی حکم برداری نہ کی گدھے کی مثال ہے جو

Marfat.com

يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۚ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ

پیٹھ پر کتابیں اُٹھائے گیا ہی بری مثال ہے ان لوگوں کی

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ

جنھوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥﴾

ظالموں کو راہ نہیں دیتا

قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ

تم فرماؤ اے یہودیو اگر تمھیں یہ گمان

زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلَّهِ مِنْ

ہے کہ تم اللہ کے دوست ہو اور

دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ

لوگ نہیں تو مرنے کی آرزو کرو اگر

كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٦﴾ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ

تم سچے ہو اور وہ کبھی اس کی

أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۚ وَاللَّهُ

آرزو نہ کریں گے ان کوتکوں کے سبب جو انکے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں

Marfat.com

عَلِيمٌۢ بِٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٧﴾ قُلْ إِنَّ

اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے تم فرماؤ وہ

ٱلْمَوْتَ ٱلَّذِى تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُۥ

موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ تو ضرور تمھیں

مُلَٰقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَٰلِمِ

ملنی ہے پھر اس کی طرف پھیرے جاؤ گے

ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَٰدَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا

جو چھپا اور ظاہر سب کچھ جانتا ہے پھر وہ تمھیں بتا

كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ع ۱

دے گا جو تم نے کیا تھا اے ایمان والو

ءَامَنُوٓا۟ إِذَا نُودِىَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوْمِ

جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن

ٱلْجُمُعَةِ فَٱسْعَوْا۟ إِلَىٰ ذِكْرِ ٱللَّهِ

تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو

وَذَرُوا۟ ٱلْبَيْعَ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمھارے لیے بہتر ہے

Marfat.com

إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩﴾ فَإِذَا قُضِيَتِ

اگر تم جانو پھر جب نماز

الصَّلٰوةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا

ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور

مِن فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا

اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت یاد کرو

لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠﴾ وَإِذَا رَأَوْا

اس امید پر کہ فلاح پاؤ اور جب انھوں نے

تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انفَضُّوا إِلَيْهَا وَ

کوئی تجارت یا کھیل دیکھا اس کی طرف چل دیئے اور

تَرَكُوكَ قَائِمًا ط قُلْ مَا عِندَ اللّٰهِ

تمہیں خطبے میں کھڑا چھوڑ گئے تم فرماؤ وہ جو اللہ کے

خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ط

پاس ہے کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے

وَاللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١﴾

اور اللہ کا رزق سب سے اچھا

Marfat.com

# سُورَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيهَا رُكُوعَانِ

سورۂ تغابن مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور

فِي الْاَرْضِ ج لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

جو کچھ زمین میں اسی کا ملک ہے اور اسی

الْحَمْدُ ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ①

کی تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ

وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا تو تم میں کوئی کافر

وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور تم میں کوئی مسلمان اور اللہ تمہارے کام دیکھ

بَصِيْرٌ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

رہا ہے اس نے آسمان اور زمین حق کے

Marfat.com

بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ج

ساتھ بنائے اور تمھاری تصویر کی تو تمھاری اچھی صورت بنائی

وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿٣﴾ يَعْلَمُ مَا فِي

اور اسی کی طرف پھرنا ہے جانتا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ

آسمان اور زمین میں ہے اور جانتا ہے

مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ط وَاللّٰهُ

جو کچھ تم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہو اور اللہ

عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٤﴾ أَلَمْ

دلوں کی بات جانتا ہے کیا

يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ كَفَرُوا

تمھیں ان کی خبر نہ آئی جنھوں نے

مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ

سے پہلے کفر کیا اور اپنے کام کا وبال

أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٥﴾

چکھا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے

Marfat.com

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ

یہ اس لیے کہ ان کے پاس ان کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ

رسول روشن دلیلیں لاتے تو بولے کیا آدمی

يَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا

ہمیں راہ بتائیں گے تو کافر ہوئے اور پھر گئے

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ

اور اللہ نے بے نیازی کو کام فرمایا اور اللہ بے نیاز ہے

حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

سب خوبیوں سراہا کافروں نے بکا کہ وہ ہرگز

اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ

نہ اٹھائے جائیں گے تم فرماؤ کیوں نہیں میرے رب کی

لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہارے کوتک تمہیں جتا

عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

دیئے جائیں گے اور یہ اللہ کو

Marfat.com

يَسِيْرٌ ⑦ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

آسان ہے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول

وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

اور اس نور پر جو ہم نے اتارا اور اللہ تمہارے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑧ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ

کاموں سے خبردار ہے جس دن تمہیں اکٹھا کرے گا

لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ

سب جمع ہونے کے دن وہ دن ہے ہار والوں کی ہار کھلنے کا

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ

اور جو اللہ پر ایمان لائے اور اچھا کام

صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ

کرے اللہ اس کی برائیاں اتار دے گا اور

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اسے باغوں میں لے جائے جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

نہریں بہیں کہ وہ ہمیشہ ان میں رہیں

Marfat.com

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ

یہی بڑی کامیابی ہے اور جنھوں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہ

اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط

آگ والے ہیں ہمیشہ اس میں رہیں

ع ۱۶ ۱۰ ۱۵ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ

اور کیا ہی برا انجام کوئی مصیبت نہیں پہنچتی

مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَ

مگر اللہ کے حکم سے اور

مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ط

جو اللہ پر ایمان لائے اللہ اس کے دل کو ہدایت فرما دے گا

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١﴾ وَ

اور اللہ سب کچھ جانتا ہے اور

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ج فَاِنْ

اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو پھر اگر تم

Marfat.com

تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

منہ پھیرو تو جان لو کہ ہمارے رسول پر صرف صریح

الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

پہنچا دینا ہے اللہ ہے جس کے سوا کسی کی بندگی نہیں

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

اور اللہ ہی پر ایمان والے بھروسہ کریں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ

اے ایمان والو! تمھاری کچھ

اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ

بیبیاں اور بچے تمھارے دشمن ہیں تو ان سے

فَاحْذَرُوْهُمْ ج وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا

احتیاط رکھو اور اگر معاف کرو اور درگزرو

وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾

اور بخش دو تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ط

تمھارے مال اور تمھارے بچے جانچ ہی ہیں

Marfat.com

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا

اور اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے تو اللہ

اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا

سے ڈرو جہاں تک ہو سکے اور فرمان سنو اور حکم مانو

وَاَنْفِقُوْا خَیْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ

اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اپنے بھلے کو اور جو

یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ

اپنی جان کے لالچ سے بچایا گیا تو وہی فلاح پانے

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

والے ہیں اگر تم اللہ کو اچھا قرض

حَسَنًا یُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ؕ

دو گے وہ تمہارے لیے اسکے دونے کر دیگا اور تمہیں بخش دے گا

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ

اور اللہ قدر فرمانے والا حلم والا ہے ہر نہاں اور عیاں کا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۸﴾ ع

جاننے والا عزت والا حکمت والا

Marfat.com

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ ملک مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں سارا ملک

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۨ ① لا

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ

وہ جس نے موت اور زندگی پیدا کی

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط

کہ تمہاری جانچ ہو تم میں کس کا کام زیادہ اچھا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ ② لا الَّذِيْ خَلَقَ

اور وہی عزت والا بخشش والا ہے جس نے سات آسمان

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰى

بنائے ایک کے اوپر دوسرا تو رحمن کے

Marfat.com

فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ
بنانے میں کیا فرق دیکھتا ہے

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ
تو نگاہ اٹھا کر دیکھ تجھے کوئی رخنہ نظر آتا

فُطُوْرٍ ③ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ
ہے پھر دوبارہ نگاہ اٹھا نظر تیری

یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا
طرف ناکام پلٹ آئے گی

وَّ هُوَ حَسِیْرٌ ④ وَ لَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ
تھکی ماندی اور بے شک ہم نے نیچے کے

الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَ جَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا
آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا اور انھیں شیطانوں

لِّلشَّیٰطِیْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ
کے لیے مار کیا اور ان کے لیے بھڑکتی آگ کا عذاب

السَّعِیْرِ ⑤ وَ لِلَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
تیار فرمایا اور جنھوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا

Marfat.com

عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۶

ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور کیا ہی بُرا انجام

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا

جب اس میں ڈالے جائیں گے اس کا رینکنا سنیں گے

وَّهِىَ تَفُوْرُ ۝۷ۙ تَكَادُ تَمَيَّزُ

کہ جوش مارتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ شدّت غضب

مِنَ الْغَيْظِ ۭ كُلَّمَآ اُلْقِىَ فِيْهَا

میں پھٹ جائے گی جب کبھی کوئی گروہ اس میں ڈالا

فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ

جائے گا اس کے داروغہ ان سے پوچھیں گے کیا تمھارے پاس کوئی ڈر سنانے

نَذِيْرٌ ۝۸ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَاۗءَنَا

والا نہ آیا تھا کہیں گے کیوں نہیں بیشک ہمارے پاس ڈر سنانے والے

نَذِيْرٌ ڏ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ

تشریف لائے پھر ہم نے جھٹلایا اور کہا اللہ نے

اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ښ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

کچھ نہیں اتارا تم تو نہیں

Marfat.com

فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ﴿۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا

مگر بڑی گمراہی میں اور کہیں گے اگر ہم

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ

سُنتے یا سمجھتے تو دوزخ والوں میں

السَّعِیْرِ ﴿۱۰﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ج

نہ ہوتے اب اپنے گناہ کا اقرار کیا

فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿۱۱﴾ اِنَّ

تو پھٹکار ہو دوزخیوں کو بیشک

الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ

وہ جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۲﴾

ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ط

اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا آواز سے

اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا

وہ تو دلوں کی جانتا ہے کیا وہ

Marfat.com

يَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيۡفُ

نہ جانے جس نے پیدا کیا اور وہی ہے ہر باریکی

الۡخَبِيۡرُ ؑ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ ع ۱ ۱۲

جانتا خبردار وہی ہے جس نے تمہارے

لَـكُمُ الۡاَرۡضَ ذَلُوۡلًا فَامۡشُوۡا فِىۡ

لئے زمین رام کر دی تو اس کے رستوں

مَنَاكِبِهَا وَكُلُوۡا مِنۡ رِّزۡقِهٖ ؕ وَاِلَيۡهِ

میں چلو اور اللہ کی روزی میں سے کھاؤ اور اسی کی

النُّشُوۡرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِى

طرف اٹھنا ہے کیا تم اس سے نڈر ہو گئے

السَّمَآءِ اَنۡ يَّخۡسِفَ بِكُمُ الۡاَرۡضَ

اس سے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تمہیں زمین میں دھنسا دے

فَاِذَا هِىَ تَمُوۡرُ ۙ ﴿۱۶﴾ اَمۡ اَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِى

جبھی وہ کانپتی رہے یا تم نڈر ہو گئے اس سے جس کی

السَّمَآءِ اَنۡ يُّرۡسِلَ عَلَيۡكُمۡ حَاصِبًا ؕ

سلطنت آسمان میں ہے کہ تم پر پتھراؤ بھیجے

Marfat.com

فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿١٧﴾ وَلَقَدْ

تو اب جانو گے کیسا تھا میرا ڈرانا اور بے شک

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

ان سے اگلوں نے جھٹلایا

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

تو کیسا ہوا میرا انکار اور کیا انھوں

اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؕۘ

نے اپنے اوپر پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے اور سمیٹتے

مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ

انھیں کوئی نہیں روکتا سوا رحمٰن کے بے شک

بِكُلِّ شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ﴿١٩﴾ اَمَّنْ هٰذَا

وہ سب کچھ دیکھتا ہے یا وہ

الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ

کون سا تمھارا لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابل

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ

تمھاری مدد کرے کافر نہیں

Marfat.com

إِلَّا فِي غُرُورٍ ﴿٢٠﴾ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي

مگر دھوکے میں یا کونسا ایسا ہے

يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ج

جو تمھیں روزی دے اگر وہ اپنی روزی روک لے

بَلْ لَجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ﴿٢١﴾

بلکہ وہ سرکش اور نفرت میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں

أَفَمَنْ يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ

تو کیا وہ جو اپنے منہ کے بل اوندھا چلے

أَهْدَىٰ أَمَّنْ يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ

زیادہ راہ پر ہے یا وہ جو سیدھا چلے

صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٢٢﴾ قُلْ هُوَ الَّذِي

سیدھی راہ پر تم فرماؤ وہی ہے جس

أَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

نے تمھیں پیدا کیا اور تمھارے لیے کان

وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ط قَلِيلًا مَا

اور آنکھ اور دل بنائے کتنا کم

Marfat.com

تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ

حق مانتے ہو تم فرماؤ وہی ہے جس نے تمھیں

فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف اٹھائے جاؤ گے

وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ

اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ

تم سچے ہو تم فرماؤ یہ علم تو اللہ

عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ

کے پاس ہے اور میں تو صرف یہی ڈر سنانے

مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـٴَتْ

والا ہوں پھر جب اسے پاس دیکھیں گے کافروں

وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قِیْلَ

کے منہ بگڑ جائیں گے اور ان سے

هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾

فرما دیا جائے گا یہ ہے جو تم مانگتے تھے

Marfat.com

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر اللہ مجھے اور میرے

وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ

ساتھ والوں کو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے تو وہ کونسا ہے

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾

جو کافروں کو دکھ کے عذاب سے بچا لے گا

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ

تم فرماؤ وہی رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر

تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ

بھروسہ کیا تو اب جان جاؤ گے کون کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

گمراہی میں ہے تم فرماؤ بھلا دیکھو تو

اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے تو وہ

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿٣٠﴾ ع

کون ہے جو تمہیں پانی لادے نگاہ کے سامنے بہتا

Marfat.com

سُورَةُ نُوحٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَعِشْرُونَ آيَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورۃ نوح مکہ میں نازل ہوئی اس کی اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ

بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا

اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ

کہ ان کو ڈرا اس سے پہلے کہ

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ①

ان پر دردناک عذاب آئے

قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ

اس نے فرمایا اے میری قوم میں تمہارے لیے صریح ڈر سنانے

مُّبِيْنٌ ② اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ

والا ہوں کہ اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ③ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ

اور میرا حکم مانو وہ تمہارے کچھ گناہ بخش

Marfat.com

ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ

دے گا اور ایک مقرر میعاد تک تمھیں مہلت

مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ

دے گا بے شک اللہ کا وعدہ جب آتا ہے

لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④ وقف لازم

ہٹایا نہیں جاتا کسی طرح تم جانتے

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ دَعَوْتُ قَوْمِىْ

عرض کی اے میرے رب میں نے اپنی قوم کو

لَيْلًا وَّنَهَارًا ⑤ ۙ فَلَمْ يَزِدْهُمْ

رات دن بلایا تو میرے بلانے سے

دُعَآءِىْٓ اِلَّا فِرَارًا ⑥ وَاِنِّىْ كُلَّمَا

انھیں بھاگنا ہی بڑھا اور میں نے جتنی بار

دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا

انھیں بلایا کہ تو ان کو بخشے انھوں نے

اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا

اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور اپنے کپڑے

Marfat.com

ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا

اوڑھ لیے اور ہٹ کی اور بڑا غرور

اسْتِكْبَارًا ۚ ۝٧ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ

کیا پھر میں نے انہیں علانیہ

جِهَارًا ۙ ۝٨ ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ

بلایا پھر میں نے ان سے باعلان بھی کہا

وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۙ ۝٩ فَقُلْتُ

اور آہستہ خفیہ بھی کہا تو میں نے کہا

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

اپنے رب سے معافی مانگو وہ بڑا معاف فرمانے

غَفَّارًا ۙ ۝١٠ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ

والا ہے تم پر شرّاٹے کا مینہ

مِّدْرَارًا ۙ ۝١١ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ

بھیجے گا اور مال اور بیٹوں سے تمہاری

وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ

مدد کرے گا اور تمہارے لئے باغ بنا دے گا

Marfat.com

وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ

اور تمھارے لئے نہریں بناتے گا تمھیں کیا ہوا

لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ

اللہ سے عزت حاصل کرنے کی امید نہیں کرتے حالانکہ

خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ تَرَوْا

اس نے تمھیں طرح طرح بنایا کیا تم

كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

نہیں دیکھتے اللہ نے کیونکر سات آسمان بناتے ایک پر

طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ

ایک اور ان میں چاند کو روشن

نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾

کیا اور سورج کو چراغ

وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

اور اللہ نے تمھیں سبزے کی طرح زمین سے

نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا

اُگایا پھر تمھیں اسی میں لے جائے گا

Marfat.com

وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ

اور دوبارہ نکالے گا اور اللہ

جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لا

نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا

لِّتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ ع

کہ اس کے وسیع راستوں میں چلو

قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي

نوح نے عرض کی اے میرے رب انھوں نے میری نافرمانی کی

وَاتَّبَعُوا مَن لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَ

اور ایسے کے پیچھے ہو لئے جسے اس کے مال اور

وَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا

اولاد نے نقصان ہی بڑھایا اور بہت بڑا

كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ

داؤں کھیلے اور بولے ہرگز نہ چھوڑنا

آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا

خداؤں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا ودّ

Marfat.com

وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَ

اور سواع اور یغوث اور

يَعُوْقَ وَنَسْرًا ۚ ﴿٢٣﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا

یعوق اور نسر کو اور بیشک انھوں نے

كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ

بہتوں کو بہکایا اور تو ظالموں کو زیادہ نہ کرنا

اِلَّا ضَلٰلًا ﴿٢٤﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ

مگر گمراہی اپنی کیسی خطاؤں پر

اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ

ڈبوئے گئے پھر آگ میں داخل کیئے گئے تو انھوں

يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

نے اللہ کے مقابل اپنا کوئی مددگار

اَنْصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ

نہ پایا اور نوح نے عرض کی اے

لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ

میرے رب زمین پر کافروں میں سے

Marfat.com

الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ
کوئی بسنے والا نہ چھوڑ بیشک اگر تو

اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ
انھیں رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے

وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا
اور ان کے اولاد ہوگی تو وہ بھی نہ ہوگی

كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ
مگر بدکار بڑی ناشکر اے میرے رب مجھے بخش دے

وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ
اور میرے ماں باپ کو اور اسے جو ایمان کے ساتھ

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ
میرے گھر میں ہے اور سب مسلمان مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ
اور سب مسلمان عورتوں کو اور کافروں کو نہ بڑھا

اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع
مگر تباہی

Marfat.com

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ جن ۔ مکّہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ

تم فرماؤ مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنّوں نے میرا

نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا

پڑھنا کان لگا کر سنا تو بولے ہم

سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ

نے ایک عجیب قرآن سنا کہ بھلائی کی

اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ

راہ بتاتا ہے تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم ہر گز

نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّاَنَّهٗ

کسی کو اپنے رب کا شریک نہ کریں گے اور یہ کہ

تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً

ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے نہ اس نے عورت اختیار کی

Marfat.com

وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ

اور نہ بچہ اور یہ کہ ہم میں کا بے وقوف

سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾

اللہ پر بڑھ کر بات کہتا تھا

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ

اور یہ کہ ہمیں خیال تھا کہ ہرگز آدمی

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۵﴾

اور جن اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے

وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ

اور یہ کہ آدمیوں میں کچھ مرد جنوں کے کچھ

يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ

مردوں کی پناہ لیتے تھے تو اس

فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ﴿۶﴾ وَّاَنَّهُمْ

سے اور بھی ان کا تکبر بڑھا اور یہ کہ

ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ

انھوں نے گمان کیا جیسا تمھیں گمان ہے

Marfat.com

يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ⑦ وَّ اَنَّا

کہ اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا اور یہ کہ

لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا

ہم نے آسمان کو چھوا تو اسے پایا کہ سخت

مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ⑧

پہرے اور آگ کی چنگاریوں سے بھر دیا گیا ہے

وَّ اَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا

اور یہ کہ ہم پہلے آسمان میں سننے کے لیے

مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ

کچھ موقعوں پر بیٹھا کرتے تھے پھر اب جو کوئی سنے

الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ⑨

وہ اپنی تاک میں آگ کا لوکا پائے

وَّ اَنَّا لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ

اور یہ کہ ہمیں نہیں معلوم کہ زمین والوں سے کوئی

بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ

برائی کا ارادہ فرمایا گیا ہے یا ان کے

Marfat.com

بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ﴿١٠﴾ وَّاَنَّا

رب نے کوئی بھلائی چاہی ہے اور یہ کہ

مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ

ہم میں کچھ نیک ہیں اور کچھ دوسری طرح

ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿١١﴾

کے ہیں ہم کئی راہیں پھٹے ہوئے ہیں

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ

اور یہ کہ ہم کو یقین ہوا کہ ہرگز زمین میں

اللّٰهَ فِى الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ

اللہ کے قابو سے نہ نکل سکیں گے اور نہ بھاگ کر اس کے قبضہ

هَرَبًا ﴿١٢﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

سے باہر ہوں اور یہ کہ ہم نے جب

الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْ

ہدایت سنی اس پر ایمان لائے تو جو اپنے رب پر

بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا

ایمان لائے اسے نہ کسی کمی کا خوف اور نہ

Marfat.com

رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ

زیادتی کا اور یہ کہ ہم میں کچھ مسلمان ہیں

وَ مِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ

اور کچھ ظالم تو جو اسلام لائے

فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾

انھوں نے بھلائی سوچی

وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ

اور رہے ظالم وہ جہنم کے ایندھن

حَطَبًا ﴿١٥﴾ وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا

ہوئے اور فرماؤ کہ مجھے یہ وحی ہوئی

عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً

ہے کہ اگر وہ راہ پر سیدھے رہتے تو ضرور ہم انھیں

غَدَقًا ﴿١٦﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ

وافر پانی دیتے کہ اس پر انھیں جانچیں

وَ مَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ

اور جو اپنے رب کی یاد سے منہ پھیرے

Marfat.com

يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ
وہ اسے چڑھتے عذاب میں ڈالے گا اور یہ کہ

الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ
مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی

اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ
بندگی نہ کرو اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کی

يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ
بندگی کرنے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ وہ جن اس پر ٹھٹھ کے ٹھٹھ

لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ ع ۱۹
ہو جائیں تم فرماؤ میں تو اپنے رب ہی کی بندگی کرتا ہوں

وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ
اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا تم فرماؤ

اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا
میں تمہارے کسی برے بھلے کا مالک

رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ
نہیں تم فرماؤ ہرگز مجھے اللہ سے

Marfat.com

مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ

کوئی نہ بچائے گا اور ہرگز اس کے سوا

دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۙ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا

پناہ نہ پاؤں گا مگر اللہ کے پیام

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ یَّعْصِ

پہنچاتا اور اس کی رسالتیں اور جو اللہ اور اس

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ

کے رسول کا حکم نہ مانے تو بے شک ان کے لئے جہنم کی آگ

خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤی اِذَا

ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں یہاں تک کہ جب

رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ

دیکھیں گے جو وعدہ دیا جاتا ہے تو اب جان جائیں گے

اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾

کہ کس کا مددگار کمزور اور کس کی گنتی کم

قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا

تم فرماؤ میں نہیں جانتا آیا نزدیک ہے وہ

Marfat.com

تُوعَدُونَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ

جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے یا میرا رب اسے کچھ وقفہ دے گا

اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی

عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ

کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے

ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ

پسندیدہ رسولوں کے کہ ان کے آگے پیچھے

مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ

پہرا مقرر کر دیتا ہے

رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا

تاکہ دیکھ لے کہ انھوں نے اپنے رب کے

رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ

پیام پہنچا دیئے اور جو کچھ ان کے پاس سب اسکے علم

وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾

میں ہے اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے

Marfat.com

# سُورَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ مزمل مکہ میں نازل ہوئی اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ

اے جھرمٹ مارنے والے رات

الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ

میں قیام فرما سوا کچھ رات کے آدھی رات

اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ

یا اس سے کچھ کم کرو یا اس پر

عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ﴿۴﴾

کچھ بڑھاؤ اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا

بے شک عنقریب ہم تم پر ایک بھاری بات

ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ

ڈالیں گے بے شک رات کا اٹھنا

Marfat.com

هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَأَقْوَمُ قِيلًا ﴿٦﴾

وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے

إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا

بے شک دن میں تو تم کو بہت سے

طَوِيلًا ﴿٧﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

کام ہیں اور اپنے رب کا نام یاد کرو

وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾ رَبُّ

اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو وہ

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَٰهَ

پورب کا رب اور پچھم کا رب اس کے سوا کوئی

إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ﴿٩﴾

معبود نہیں تو تم اسی کو اپنا کارساز بناؤ

وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ

اور کافروں کی باتوں پر صبر فرماؤ اور انھیں

هَجْرًا جَمِيلًا ﴿١٠﴾ وَذَرْنِي

اچھی طرح چھوڑ دو اور مجھ پر چھوڑو

Marfat.com

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

ان جھٹلانے والے مالداروں اور انہیں تھوڑی

قَلِيْلًا ⑪ اِنَّ لَدَيْنَاۤ اَنْكَالًا وَّ

مہلت دو بے شک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں ہیں اور

جَحِيْمًا ۙ⑫ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

بھڑکتی آگ اور گلے میں پھنستا کھانا

وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۚ⑬ يَوْمَ تَرْجُفُ

اور دردناک عذاب جس دن تھرتھرائیں گے

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ

زمین اور پہاڑ اور پہاڑ

الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ⑭ اِنَّاۤ

ہو جائیں گے ریتے کا ٹیلا بہتا ہوا بے شک

اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا

ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجے کہ تم پر حاضر ناظر

عَلَيْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى

ہیں جیسے ہم نے فرعون کی طرف

Marfat.com

فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ

رسول بھیجے تو فرعون نے اس رسول کا حکم

الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾

نہ مانا تو ہم نے اسے سخت گرفت سے پکڑا

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ

پھر کیسے بچو گے اگر کفر کرو اس دن

يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾

جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا

السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ

آسمان اس کے صدمہ سے پھٹ جائے گا اللہ کا وعدہ

مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

ہو کر رہنا بے شک یہ نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

تو جو چاہے اپنے رب کی طرف

سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ

راہ لے بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم

Marfat.com

تَقُوۡمُ اَدۡنٰی مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ

قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب

وَ نِصۡفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ

کبھی آدھی رات کبھی تہائی اور ایک جماعت

مِّنَ الَّذِیۡنَ مَعَكَ ؕ وَ اللّٰهُ یُقَدِّرُ

تمہارے ساتھ والی اور اللہ رات اور دن

الَّیۡلَ وَ النَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡهُ

کا اندازہ فرماتا ہے اسے معلوم ہے کہ مسلمانو تم سے رات کا شمار نہ

فَتَابَ عَلَیۡكُمۡ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ

ہو سکے گا تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی اب تو قرآن میں سے

مِنَ الۡقُرۡاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنۡ سَیَكُوۡنُ

جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو اسے معلوم ہے کہ عنقریب کچھ

مِنۡكُمۡ مَّرۡضٰی ۙ وَ اٰخَرُوۡنَ یَضۡرِبُوۡنَ

تم میں سے بیمار ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر

فِی الۡاَرۡضِ یَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ فَضۡلِ

کریں گے اللہ کا فضل تلاش

Marfat.com

اللّٰهِ ۙ وَ اٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ

کرتے اور کچھ اللہ کی راہ میں لڑتے

سَبِیْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ

ہوں گے تو جتنا قرآن میسر ہو پڑھو

مِنْهُ ۙ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ

اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو

وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا

اور اللہ کو اچھا قرض دو اور

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ

اپنے لیے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ

اللہ کے پاس بہتر اور بڑے

اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ

ثواب کی پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

Marfat.com

سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۃ نبا مکہ میں نازل ہوئی اس میں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ ① عَنِ النَّبَاِ

یہ آپس میں کاہے کی پوچھ گچھ کر رہے ہیں بڑی خبر

الْعَظِيْمِ ۙ ② الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

کی جس میں وہ کئی

مُخْتَلِفُوْنَ ۭ ③ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ ④

راہ ہیں ہاں ہاں اب جان جائیں گے

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ⑤ اَلَمْ

پھر ہاں ہاں اب جان جائیں گے کیا

نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ ⑥ وَّ

ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا اور

الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۽ ⑦ وَّخَلَقْنٰكُمْ

پہاڑوں کو میخیں اور تمہیں

Marfat.com

أَزْوَاجًا ﴿٨﴾ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

جوڑے بنایا اور تمھاری نیند کو آرام

سُبَاتًا ﴿٩﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿١٠﴾

کیا اور رات کو پردہ پوش کیا

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿١١﴾

اور دن کو روزگار کے لیے بنایا

وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿١٢﴾

اور تمھارے اوپر سات مضبوط چھتیاں چنیں

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿١٣﴾

اور ان میں ایک نہایت چمکتا چراغ رکھا

وَّأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

اور پھر بدلیوں سے زور کا

مَاءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ

پانی اتارا کہ اس سے پیدا فرمائیں

حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّجَنّٰتٍ

اناج اور سبزہ اور گھنے

Marfat.com

أَلْفَافًا ﴿١٦﴾ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

باغ بے شک فیصلہ کا دن

كَانَ مِيقَاتًا ﴿١٧﴾ يَوْمَ يُنْفَخُ

ٹھہرا ہوا وقت ہے جس دن صور

فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ﴿١٨﴾

پھونکا جائے گا تو تم چلے آؤ گے فوجوں کی فوجیں

وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ

اور آسمان کھولا جائے گا کہ دروازے ہو

أَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ

جائے گا اور پہاڑ چلائے جائیں گے

فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ إِنَّ جَهَنَّمَ

کہ جیسے چمکتا ریتا دور سے پانی کا دھوکا دیتا بے شک جہنم

كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِلطَّاغِينَ

تاک میں ہے سرکشوں کا

مَآبًا ﴿٢٢﴾ لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ﴿٢٣﴾

ٹھکانا اس میں قرنوں رہیں گے

Marfat.com

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا

اس میں کسی طرح کی ٹھنڈک کا مزہ نہ پائیں اور نہ

شَرَابًا ﴿٢٤﴾ إِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

کچھ پینے کو مگر کھولتا پانی اور دوزخیوں کا جلتا پیپ

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ إِنَّهُمْ كَانُوْا

جیسے کو تیسا بدلہ بے شک انہیں

لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا

حساب کا خوف نہ تھا اور انہوں نے

بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ

ہماری آیتیں حد بھر جھٹلائیں اور ہم نے ہر چیز

اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ

لکھ کر شمار کر رکھی ہے اب چکھو کہ ہم

نَّزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ إِنَّ

تمہیں نہ بڑھائیں گے مگر عذاب بے شک

لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ

ڈر والوں کو کامیابی کی جگہ ہے باغ ہیں

Marfat.com

وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾

اور انگور اور اٹھتے جوبن والیاں ایک عمر کی

وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

اور چھلکتا جام جس میں نہ کوئی

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً

بے ہودہ بات سنیں نہ جھٹلانا صلہ

مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾

تمہارے رب کی طرف سے نہایت کافی عطا

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

وہ جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو

بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ

کچھ ان کے درمیان ہے رحمٰن کہ اس سے بات کرنے کا

مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ

اختیار نہ رکھیں گے جس دن جبریل کھڑا

الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا

ہوگا اور سب فرشتے پرا باندھے کوئی

Marfat.com

يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ

نہ بول سکے گا مگر جسے رحمٰن

لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾

نے اذن دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ

وہ سچا دن ہے اب جو

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

چاہے اپنے رب کی طرف راہ بنا لے

اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ ۵

ہم تمہیں ایک عذاب سے ڈراتے ہیں کہ نزدیک آ گیا

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ

جس دن آدمی دیکھے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے

يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ

بھیجا اور کافر کہے گا ہائے میں کسی طرح

كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

خاک ہو جاتا

Marfat.com

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۃ طارق مکی ہے اور اس میں سترہ (۱۷) آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ① وَمَآ اَدْرٰىكَ

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی اور کچھ تم نے جانا وہ

مَا الطَّارِقُ ② النَّجْمُ الثَّاقِبُ ③

رات کو آنے والا کیا ہے خوب چمکتا تارا

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ④

کوئی جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ⑤ خُلِقَ

تو چاہیئے کہ آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا جست

مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ⑥ يَّخْرُجُ مِنْۢ

کرنے پانی سے جو نکلتا ہے پیٹھ

بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ⑦ اِنَّهٗ

اور سینوں کے بیچ سے بے شک

Marfat.com

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۞ ٨ يَوْمَ تُبْلَى

اللہ اس کے واپس کر دینے پر قادر ہے جس دن چھپی باتوں کی

السَّرَآئِرُ ۞ ٩ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا

جانچ ہو گی تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور ہو گا اور نہ کوئی

نَاصِرٍ ۞ ١٠ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۞ ١١

مددگار آسمان کی قسم جس سے مینہ اترتا ہے

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۞ ١٢ اِنَّهٗ

اور زمین کی جو اس سے کھلتی ہے بیشک قرآن

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۞ ١٣ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۞ ١٤

ضرور فیصلہ کی بات ہے اور کوئی ہنسی کی بات نہیں

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۞ ١٥ وَّاَكِيْدُ

بے شک کافر اپنا سا داؤں چلتے ہیں اور میں اپنی خفیہ

كَيْدًا ۞ ١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ

تدبیر فرماتا ہوں تو تم کافروں کو ڈھیل دو انہیں کچھ

ع ۱ ۱۷ رُوَيْدًا ۞ ١٧

تھوڑی مہلت دو

Marfat.com

# سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

سورۃ الفجر مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں تیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

وَالْفَجْرِ ۝١ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝٢

اس صبح کی قسم اور دس راتوں کی

وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝٣ وَالَّيْلِ

اور جفت اور طاق کی اور رات کی

اِذَا يَسْرِ ۝٤ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ

جب چل دے کیوں اس میں عقل مند

قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝٥ اَلَمْ

کے لیے قسم ہوئی کیا تم

تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

نے نہ دیکھا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ

بِعَادٍ ۝٦ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧

کیسا کیا وہ ارم حد سے زیادہ طول والے

Marfat.com

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا

کہ ان جیسا شہروں میں

فِي الْبِلَادِ ۝٨ وَثَمُودَ الَّذِينَ

پیدا نہ ہوا اور ثمود جنھوں نے وادی

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩

میں پتھر کی چٹانیں کاٹیں

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝١٠

اور فرعون کہ چومیخا کرتا

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝١١

جنھوں نے شہروں میں سرکشی کی

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ۝١٢

پھر ان میں بہت فساد پھیلایا

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ

تو ان پر تمھارے رب نے عذاب کا کوڑا

عَذَابٍ ۝١٣ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝١٤

بقوت مارا۔ بیشک تمھارے رب کی نظر سے کچھ غائب نہیں

Marfat.com

فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ
لیکن آدمی تو جب اسے اس کا رب آزمائے
رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ۬
کہ اس کو جاہ اور نعمت دے
فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ؕ﴿۱۵﴾
جب تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت دی
وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ
اور اگر آزمائے اور اس کا رزق اس پر
عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ۬ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ
تنگ کرے تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے
اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ ج كَلَّا بَلْ لَّا
خوار کیا یوں نہیں بلکہ
تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ لا وَلَا
تم یتیم کی عزت نہیں کرتے اور آپس
تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ لا
میں ایک دوسرے کو مسکین کے کھلانے کی رغبت نہیں دیتے

Marfat.com

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا
اور میراث کا مال ہپ ہپ کھاتے

لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَتُحِبُّونَ الْمَالَ
ہو اور مال کی نہایت محبت

حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّا إِذَا
رکھتے ہو ہاں ہاں جب

دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾
زمین ٹکرا کر پاش پاش کر دی جائے گی

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ
اور تمہارے رب کا حکم آئے اور فرشتے

صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ
قطار قطار اور اس دن جہنم

بِجَهَنَّمَ ۚ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ
لائی جائے اس دن آدمی سوچے گا

الْإِنْسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ﴿۲۳﴾
اور اب اسے سوچنے کا وقت کہاں

Marfat.com

يَقُولُ يٰلَيْتَنِىْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِىْ ﴿٢٤﴾ ج

کہے گا ہائے کسی طرح میں نے جیتے جی نیکی آگے بھیجی ہوتی

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

تو اس دن اس کا سا عذاب کوئی نہیں

اَحَدٌ ﴿٢٥﴾ لا وَّلَا يُوثِقُ وَثَاقَهٗٓ

کرتا اور اس کا سا باندھنا کوئی نہیں

اَحَدٌ ﴿٢٦﴾ ط يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ

باندھتا اے اطمینان

الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾ وقف لازم ارْجِعِىْٓ اِلٰى

والی جان اپنے رب کی طرف

رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾ ج

واپس ہو یوں کہ تو اس سے راضی ہو وہ تجھ سے راضی

فَادْخُلِىْ فِىْ عِبٰدِىْ ﴿٢٩﴾ لا وَادْخُلِىْ

پھر میرے خاص بندوں میں داخل ہو اور میری جنت

جَنَّتِىْ ﴿٣٠﴾ ع

میں آ

Marfat.com

# سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ کافرون مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾

تم فرماؤ اے کافرو

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾

نہ میں پوجتا ہوں جو تم پوجتے ہو

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ

اور نہ تم پوجتے ہو جو میں

اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

پوجتا ہوں اور نہ میں پوجوں گا

مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ

جو تم نے پوجا اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ

پوجو گے جو میں پوجتا ہوں تمہیں

Marfat.com

دِيۡنُكُمۡ وَلِيَ دِيۡنِ ﴿٦﴾ ع

تمھارا دین اور مجھے میرا دین

سُوۡرَةُ الۡاِخۡلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرۡبَعُ اٰيَاتٍ

سورۃ اخلاص مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چار آیتیں ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿۰﴾

اللہ کے نام شروع جو نہایت مہربان رحم والا

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿١﴾

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمۡ

اللہ بے نیاز ہے نہ اس کی

يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ﴿٣﴾

کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا

اور نہ اس کے جوڑ

اَحَدٌ ﴿٤﴾ ع

کا کوئی

Marfat.com

# سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

سورۃ فلق مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی پانچ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ۙ ۱

تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ۙ ۲ وَ

اس کی سب مخلوق کی شر سے اور

مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب

وَقَبَ ۝ ۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

وہ ڈوبے اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں

فِي الْعُقَدِ ۝ۙ ۴ وَمِنْ شَرِّ

میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے

حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ ۵ ع

جب وہ مجھ سے جلے

Marfat.com

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

سورۃ ناس مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چھ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾

تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب

مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ

سب لوگوں کا بادشاہ سب

النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۵

لوگوں کا خدا اس کے شر سے جو دل میں برے خطرے ڈالے

الْخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ

اور دبک رہے وہ جو لوگوں کے دلوں میں

فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ

وسوسہ ڈالتے ہیں جن

الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾ ع

اور آدمی

Marfat.com

# اٰیۃُ الکُرسِیّ

آیت الکرسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ

اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آپ زندہ اور اوروں کا

الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا

قائم رکھنے والا اسے نہ اونگھ آئے اور نہ

نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا

نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ

اور جو کچھ زمین میں وہ کون ہے جو اس کے یہاں سفارش

عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ

کرے بے اس کے حکم کے جانتا ہے

مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ

جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے

Marfat.com

وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ

اور وہ نہیں پاتے اس کے علم میں سے

اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ

مگر جتنا وہ چاہے اس کی کرسی میں سمائے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُودُهٗ

ہوئے ہیں آسمان اور زمین اور اسے بھاری نہیں

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ○

ان کی نگہبانی اور وہی ہے بلند بڑائی والا

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ

جو کچھ بیان کرتے ہیں تمہارا پروردگار جو صاحب عزت ہے

عَمَّا يَصِفُونَ ○ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى

(اس سے) پاک ہے اور پیغمبروں پر

الْمُرْسَلِينَ ○ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

سلام اور سب طرح کی تعریف

رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○

خدائے رب العلمین کو (سزاوار) ہے

Marfat.com

# اَسۡمَاۤءُ الۡحُسۡنٰی بَارِیۡ تَعَالٰی عَزَّ اِسۡمُہٗ

باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ کے اسمائے حسنیٰ

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

## ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحۡمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ[1]

وہ ذات پاک اللہ ہے نہیں کوئی معبود مگر وہ بہت رحم کرنے والا (بڑا ہے مرتبہ اس کا)

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلرَّحِیۡمُ | اَلۡمَلِکُ | اَلۡقُدُّوۡسُ | اَلسَّلَامُ |
| مہربان | بادشاہ | پاک | سلامت رکھنے والا |
| اَلۡمُؤۡمِنُ | اَلۡمُہَیۡمِنُ | اَلۡعَزِیۡزُ | اَلۡجَبَّارُ |
| امن دینے والا | نگہبان | غالب | نقصان کو پورا کرنے والا |
| اَلۡمُتَکَبِّرُ | اَلۡخَالِقُ | اَلۡبَارِئُ | اَلۡمُصَوِّرُ |
| بڑائی والا | پیدا کرنے والا | عالم کا بنانے والا | صورت بنانے والا |
| اَلۡغَفَّارُ | اَلۡقَہَّارُ | اَلۡوَہَّابُ | اَلرَّزَّاقُ |
| بخشنے والا | زبردست | بخشنے والا | رزق دینے والا |
| اَلۡفَتَّاحُ | اَلۡعَلِیۡمُ | اَلۡقَابِضُ | اَلۡبَاسِطُ |
| کھولنے والا | جاننے والا | بند کرنے والا | کھولنے والا |

[1]: تمام اسماء کے ساتھ جَلَّ جَلَالُہٗ کا پڑھنا افضل ہے۔

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| الخافض | الرافع | المعز | المذل |
| پست کرنے والا | بلند کرنے والا | عزت دینے والا | خوار کرنے والا |
| السمیع | البصیر | الحکم | العدل |
| سننے والا | دیکھنے والا | حاکم | عدل کرنے والا |
| اللطیف | الخبیر | الحلیم | العظیم |
| باریک بین | خبردار | بردبار | بزرگ |
| الغفور | الشکور | العلی | الکبیر |
| بخشنے والا | شکر پسند | بلند | بڑا |
| الحفیظ | المقیت | الحسیب | الجلیل |
| نگہبان | قوت دینے والا | کافی | بزرگ |
| الکریم | الرقیب | المجیب | الواسع |
| سخی | نگہبان | قبول کرنے والا | فراخی دینے والا |
| الحکیم | الودود | المجید | الباعث |
| حکمت والا | دوست | بزرگ | اٹھانے والا |
| الشہید | الحق | الوکیل | القوی |
| گواہ | سچا | کارساز | طاقت والا |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْمَتِیْنُ | اَلْوَلِیُّ | اَلْحَمِیْدُ | اَلْمُحْصِی |
| مضبوط | دوست | قابل تعریف | گھیرنے والا |
| اَلْمُبْدِئُ | اَلْمُعِیْدُ | اَلْمُحْیِی | اَلْمُمِیْتُ |
| پہلے پیدا کرنے والا | دوبارہ پیدا کرنے والا | زندہ کرنے والا | مارنے والا |
| اَلْحَیُّ | اَلْقَیُّوْمُ | اَلْوَاجِدُ | اَلْمَاجِدُ |
| زندہ | ہمیشہ رہنے والا | پانے والا | بزرگی والا |
| اَلْوَاحِدُ | اَلْاَحَدُ | اَلصَّمَدُ | اَلْقَادِرُ |
| ایک | اکیلا | بے نیاز | قدرت والا |
| اَلْمُقْتَدِرُ | اَلْمُقَدِّمُ | اَلْمُؤَخِّرُ | اَلْاَوَّلُ |
| صاحب قدرت کا | پہلا | پچھلا | اوّل |
| اَلْاٰخِرُ | اَلظَّاهِرُ | اَلْبَاطِنُ | اَلْوَالِی |
| آخر | آشکارا | پوشیدہ | کارساز |
| اَلْمُتَعَالِی | اَلْبَرُّ | اَلتَّوَّابُ | اَلْمُنْعِمُ |
| بہت برتر | احسان کرنے والا | توبہ قبول کرنے والا | انعام دینے والا |
| اَلْمُنْتَقِمُ | اَلْعَفُوُّ | اَلرَّءُوْفُ | مَالِكُ الْمُلْكِ |
| بدلہ لینے والا | معاف کرنے والا | بہت مہربان | مالک ملک کا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ | الرَّبُّ |
| صاحب بزرگی اور بخشش کا | پالنے والا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْمُقْسِطُ | الْجَامِعُ | الْغَنِيُّ | الْمُغْنِي |
| عدل کرنے والا | جمع کرنے والا | بے پرواہ | دولت مند کرنے والا |
| الْمُعْطِي | الْمَانِعُ | الضَّارُّ | النَّافِعُ |
| دینے والا | منع کرنے والا | ضرر دینے والا | نفع دینے والا |
| النُّورُ | الْهَادِي | الْبَدِيعُ | الْبَاقِي |
| روشنی والا | راہ دکھانے والا | نیا پیدا کرنے والا | ہمیشہ رہنے والا |
| الْوَارِثُ | الرَّشِيدُ | الصَّبُورُ | الَّذِي لَيْسَ |
| مالک | رہنما | بڑا تحمل والا | وہ ذات کہ نہیں اسکی |

كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ

مانند کوئی اور وہ ہے سننے والا دیکھنے والا تیری بخشش چاہیئے اے رب ہمارے اور

| | | |
|---|---|---|
| إِلَيْكَ الْمَصِيرُ نِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ | سَمِيعٌ | بَصِيرٌ |
| تیری طرف رجوع ہے کیا خوب مولیٰ ہے اور کیا خوب مددگار | سننے والا | دیکھنے والا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلِيمٌ | قَدِيرٌ | مُرِيدٌ | مُتَكَلِّمٌ |
| جاننے والا | قدرت والا | ارادے والا | کلام کرنے والا |

Marfat.com

# اسمائے مقدسہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مقدسہ[1]

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ | اَحْمَدُ | حَامِدٌ | مَحْمُوْدٌ |
| تعریف والا | سب سے زیادہ حمد کرنے والا | سراہنے والا | سراہا گیا |
| قَاسِمٌ | عَاقِبٌ | فَاتِحٌ | خَاتِمٌ |
| بانٹنے والا | پیچھے آنے والا | کھولنے والا | ختم کرنے والا |
| حَاشِرٌ | مَاحٍ | دَاعٍ | سِرَاجٌ |
| اٹھانے والا | محو کرنے والا | بلانے والا | چراغ |
| رَشِیْدٌ | مُنِیْرٌ | بَشِیْرٌ | نَذِیْرٌ |
| نیک | نور والا | خوشخبری دینے والا | ڈرانے والا |
| هَادٍ | مُهْدٍ | رَسُوْلٌ | نَبِیٌّ |
| ہادی | ہدایت والا | رسول | نبی |
| طٰهٰ | یٰسٓ | مُزَّمِّلٌ | مُدَّثِّرٌ |
| طٰہٰ | یٰسٓ | کملی والا | چادر اوڑھنے والا |

[1] تمام اسماء کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنا افضل ہے

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
کھلے ہاتھوں والے ساتھ بخشش کے اور اے صاحب

الْمَوَاهِبِ السَّنِیَّةِ وَیَادَافِعَ الْبَلَآءِ

بڑی بخششوں عام کے اور اے دور کرنے والے بلاؤں کے

وَالْبَلِیَّةِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ

اور مصیبتوں کے رحمت بھیج محمد صاحب پر جو بہتر ہیں

الْوَرٰی السَّجِیَّةِ وَعَلٰی اٰلِہِ الْبَرَرَةِ

برگزیدہ مخلوقات کے اور اوپر آل اس کے پاک صاف

النَّقِیَّةِ وَاغْفِرْ لَنَا یَاذَاالْهُدٰی الْعُلٰی

کے اور بخش ہم کو اے صاحب ہدایت بلند کے

Marfat.com

فِیْ ھٰذَا الْعَصْرِ وَالْعَشِیَّۃِ رَبَّنَا

اس عصر میں اور عشاء میں اے رب ہمارے

تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ

موت دے ہم کو اسلام کی حالت میں اور ملا ہم کو نیکوں سے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

رحمت بھیج محمدؐ صاحب پر اور ان کے آل اور

اَصْحٰبِہٖٓ اَجْمَعِیْنَ ۃ بِرَحْمَتِکَ

اصحاب سب پر اپنی رحمت سے

یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

## دُعائے شکراللہ

پہلی رکعت میں بعد الحمدُ کے آیت الکرسی خٰلدُوْنَ تک اور دُوسری رکعت میں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر سُورت تک اور یہ آیت اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ تا عَلِیْمٌ پڑھے پھر سلام کے بعد یہ دُعا پڑھے:

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ لَكَ لَآ اَسْتَطِيْعُ

الٰہی تحقیق صبح کی میں نے واسطے تیرے نہیں طاقت رکھتا ہوں اس چیز کے روکنے

دَفْعَ مَآ اَكْرَهُ وَلَآ اَمْلِكُ نَفْعَ مَآ

کی جس کو برا جانوں اور نہیں قدرت رکھتا ہوں میں فائدہ لینے کی

اَرْجُوْا مِنْ رَّحْمَتِكَ اَصْبَحْتُ مُرْتَهِنًا

اس چیز سے جو امید رکھتا ہوں تیری رحمت سے صبح کی میں نے گروی پڑا ہوا ہے

بِعَمَلِیْ وَاَصْبَحَ اَمْرِیْ بِيَدِ غَيْرِیْ

اپنے عمل میں اور صبح کی میرے کام نے میرے غیر کے قبضہ میں

فَلَا فَقِيْرَ اَفْقَرُ مِنِّیْ لَا تُشْمِتْ بِیْ

پس نہیں کوئی فقیر بہت محتاج میرے سے نہ خوش کر تو میرے دشمنوں

عَدُوِّیْ وَلَا تَسُوْئُ بِیْ صَدِيْقِیْ وَلَا

کو اور نہ تکلیف دے تو میرے دوست کو اور نہ

تَجْعَلْ مُصِيْبَتِیْ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ

کر مصیبت میرے دین میں اور میری دنیا میں

Marfat.com

وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ وَلَا تَجْعَلِ

اور نہ آخرت میں اور نہ کر تو

الدُّنْيَآ اَكْبَرَ هَمِّیْ وَلَا مَبْلَغَ

دُنیا کو بڑا بھاری مقصود میرا اور نہ جگہ پہنچنے

عِلْمِیْ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ مَنْ لَّا

میرے علم کی اور نہ غالب کر مجھ پر اس شخص کو جو مجھ پر

يَرْحَمُنِیْ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ

رحم نہ کرے دُنیا اور آخرت میں اے اللہ

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ

تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں آپ کی گناہوں سے وہ گناہ کہ

تُزِيْلُ بِهَا النِّعَمَ وَمِنَ الذُّنُوْبِ

دُور کر دے تو بسبب ان کے نعمتوں کو اور ایسے گناہوں سے جو

الَّتِیْ تُوْجِبُ بِهَا النِّقَمَ بِرَحْمَتِكَ

واجب کر دے تو بسبب ان کے عذاب کو اپنی رحمت سے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

Marfat.com

# دُعَائے استعاذہ

پہلی رکعت میں سُورۂ فلق اور دُوسری رکعت میں سورۂ وَالنَّاسِ ایک بار پڑھے اور بعد سلام یہ دُعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ بِاِسْمِكَ

اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیری ساتھ نام تیرے

الْاَعْظَمِ بِكَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ مِنْ

بزرگ کے اور ساتھ کلموں تیرے کاملہ کے شرارت

شَرِّ السَّآمَّةِ وَالْهَآمَّةِ وَاَعُوْذُ بِكَ

زہریلے جانوروں سے اور گزندوں سے اور پناہ مانگتا ہوں میں

بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمٰتِكَ التَّآمَّةِ

ساتھ تیرے بذریعہ نام بزرگ تیرے کے اور کلمات تیرے کاملہ کے شرارت

مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ عَذَابِكَ

تیرے بندوں سے اور تیرے عذاب کی بُرائی سے

Marfat.com

وَاَعُوْذُبِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمٰتِكَ

اور پناہ مانگتا ہوں تیری بذریعہ اسم بزرگ تیرے کے اور کلمات کاملہ تیرے

التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ

کے شرارت ہر شیطان راندہ سے اور شرارت

وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُبِكَ

ہر سرکش دشمن سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری

بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمٰتِكَ التَّآمَّةِ

بذریعہ نام بزرگ تیرے کے اور کلمات کاملہ تیرے کے

مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِىْ بِهِ اللَّيْلُ

برائی سے ہر اس چیز کی جس کو جاری کرتے ہیں رات

وَالنَّهَارُ اِنَّ رَبِّىَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ

اور دن بے شک میرا پروردگار اللہ ہے وہ اللہ کہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

کوئی معبود سوا اس کے اسی پر توکل کیا میں نے اور وہی ہے پروردگار

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِلٰهِىْ اِنَّكَ سَلَّطْتَ

عرش عظیم کا اے اللہ بیشک تو نے مسلط کیا ہم پر

Marfat.com

عَلَيْنَا عَدُوًّا بَصِيرًا يَّرَانَا بِعُيُوبِنَا

ایسا دشمن دیکھنے والے کو کہ دیکھتا ہے ہمارے عیبوں کو

هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرٰهُمْ اَللّٰهُمَّ

وہ اور اس کا قبیلہ اس طرح کہ ہم ان کو نہیں دیکھتے اے اللہ

فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ

پس ناامید کر دے تو اس کو ہم سے جیسا کہ ناامید کیا تو نے اسکو اپنی رحمت سے

وَقَنِّطْهُ مِنَّا كَمَا قَنَّطْتَّهٗ مِنْ

اور ناامید کر دے تو اس کو ہم سے جیسا کہ ناامید کیا تو نے اس کو

عَفْوِكَ وَاَبْعِدْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَآ

اپنی بخشش سے اور دوری ڈال دے ہمارے اور اس کے درمیان جیسا کہ

اَبْعَدْتَّ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ اِنَّكَ

دوری ڈال دی تو نے درمیان اسکے اور درمیان جنت اپنی کے بے شک

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ

تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے اور دعا قبول کرنے کے

جَدِيْرٌ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

لائق ہے اور نہیں پھرنا گناہوں سے اور نہ طاقت بندگی کی مگر ساتھ اللہ

Marfat.com

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

بلند مرتبہ عظمت والے کے

# دُعَآءِ اِسْتِخَارَہ

دعائے استخارہ

استخارہ کے لئے دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ کافرون پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد درج ذیل دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ

اے اللہ میں بھلائی مانگتا ہوں تجھ سے بذریعہ علم تیرے کے

وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ

اور طاقت مانگتا ہوں تجھ سے ساتھ قدرت تیری کے اور مانگتا ہوں

مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ

تجھ سے تیرا فضل بزرگ کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے

Marfat.com

وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ

اور میں نہیں قدرت رکھتا اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ

جاننے والا پوشیدہ باتوں کا اے اللہ میں نہیں قدرت رکھتا اپنے

لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا

نفس کے لیے نقصان اور نفع کی اور نہ موت اور

حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ○ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

زندگی کی اور نہ پھر اٹھانے کی اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

درحقیقت[۱] یہ کام اچھا ہے میرے دین میں اور میری

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدِرْهُ

زندگی میں اور میرے انجام کار میں پس مقدر کر تو

لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَ

اسکو میرے لئے اور آسان کر اسکو میرے لئے پھر برکت دے اس میں میرے لیے اور

اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ

اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام[۲] برا ہے میرے

[۱، ۲] یہاں اپنے مطلب کا خیال رکھے۔

Marfat.com

فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

دین میں اور میری زندگی میں اور میرے انجام کار میں

فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ

پس پھیر دے تو اسکو مجھ سے اور پھیر دے مجھ کو اس سے اور مقدر کر دے

الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ بِرَحْمَتِكَ

میرے واسطے بھلائی جہاں ہو پھر راضی کر دے مجھ کو ساتھ اسکے اپنی رحمت سے

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

# دُعائے استحباب

دعائے استحباب

دعائے استحباب کے لئے دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی ایک بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سُوْرَةُ الْقَدْرِ پانچ بار پڑھے پھر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ الْاَشْیَآءِ

اے اللہ کر دے محبت اپنی سب چیزوں سے زیادہ محبوب میرے

اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَوْفَکَ اَخْوَفَ الْاَشْیَآءِ

لیئے اور کر دے ڈر اپنا تمام چیزوں سے زیادہ ڈرانے والا

عِنْدِیْ اَللّٰھُمَّ اِذَآ اَقْرَرْتَ عُیُوْنَ اَھْلِ

نزدیک میرے اے اللہ جب ٹھنڈا کیا تو نے دنیا داروں کی آنکھوں کی

الدُّنْیَا بِدُنْیَاھُمْ فَاَقْرِرْ عَیْنِیَّ بِکَ

ساتھ مال دنیا ان کی کے پس ٹھنڈا کر دے تو میری دونوں آنکھوں کو ساتھ اپنے

وَبِعِبَادَتِکَ وَاقْطَعْ عَنِّیْ لَذَآئِذَ الدُّنْیَا

اور ساتھ عبادت اپنی کے اور توڑ ڈال مجھ سے لذتیں دنیا کی

بِاُنْسِکَ وَالشَّوْقِ اِلٰی لِقَآئِکَ وَاجْعَلْ

ساتھ محبت اپنی کے اور شوق پیدا کرنے کے اپنے لقاء کی طرف اور کر دے

طَاعَتَکَ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ مِّنِّیْ یَاذَا الْجَلَالِ

اپنی عبادت کو ہر چیز میں میرے سے اے صاحب بزرگی

وَالْاِکْرَامِ ○ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ

اور عزت کے اے اللہ نصیب کر دے مجھ کو محبت اپنی

Marfat.com

وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ

اور محبت اس کی جس نے دوست رکھا تجھ کو اور محبت اس کی جو دوست رکھیں گے تجھ کو

وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيٓ اِلٰی حُبِّكَ وَاجْعَلْ

اور محبت ایسے عمل کی جو قریب کر دے مجھے طرف محبت تیری کے اور کر دے

حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ

محبت اپنی کو بہت پیاری چیزوں سے طرف ہمارے ٹھنڈے پانی سے

الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ يَاذَا الْجَلَالِ

پیاسوں کے واسطے اے صاحب بزرگی

وَالْاِكْرَامِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَسْقِنِيْ بِكَاْسِ

اور عزت کے اے اللہ پلا مجھ کو پیالے سے

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایسے گھونٹ

لَّا اَظْمَاُ بَعْدَهَا اَبَدًا بِرَحْمَتِكَ يَا

کہ نہ پیاسا ہوں میں بعد اس کے کبھی ساتھ رحمت اپنی کے اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

Marfat.com

# دُعَائے شُکرُ النَّهَارِ

دُعائے شُکر النّہار

دُعائے شُکر النّہار کے لئے : دو رکعت نماز پڑھے، ہر رکعت میں اَلْحَمْد شریف کے بعد سُورۂ اِخلاص ایک بار پڑھے۔ نماز کے بعد یہ دُعا پڑھے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَ

سب تعریف اللہ کو اوپر نیک گزرنے صبح کے اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَسَآءِ وَالْحَمْدُ

سب تعریف اللہ کو اوپر نیک گزرنے شام کے اور سب تعریف

لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَبِيْتِ اَللّٰهُمَّ لَكَ

اللہ کو اوپر نیک گزرنے رات کے یا اللہ تیرے لئے ہے

الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ

تعریف تعریف ہمیشہ رہنے والی ساتھ ہمیشگی تیری کے

Marfat.com

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهَى لَهُ

اور تیرے واسطے ہے سب تعریف جس تعریف کی کوئی انتہا نہیں سوا

دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

تیرے ارادہ کے اور تیرے واسطے ہے ہر تعریف

عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَتَنَفُّسِ كُلِّ

وقت جھپکنے آنکھ کے اور نکلنے ہر

نَفَسٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا دَآئِمًا

سانس کے سب تعریف واسطے اللہ کے تعریف ہمیشہ

عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ

رہنے والی گنتی قطروں اور روئیدگیوں اور پتھروں

وَالشَّجَرِ وَالْاَوْرَاقِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور درختوں اور پتوں کے سب تعریف ثابت ہے واسطے اللہ

كَفَاهُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ

کے کہ پوری ہو اس کو اور رحمت نازل ہو اوپر پیغمبر اسکے حضرت محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِيْ

صلی اللہ علیہ وسلم کے اے اللہ

Marfat.com

بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ

ساتھ رحمت تیری کے امید کرتا ہوں پس نہ سونپ مجھ کو طرف نفس میرے کے

وَلَآ اِلٰى غَيْرِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اَقَلَّ

اور نہ طرف غیر اپنے کے بقدر جھپکنے آنکھ کے اور نہ کم

مِنْ ذٰلِكَ وَاَصْلِحْ لِيْ شَانِيْ كُلَّهٗ بِلَآ

اس سے اور سنوار دے میرے تمام حالات کو برکت اس کے کہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَ

کوئی معبود سوا تیرے تو ایک ہے نہیں کوئی شریک تیرا اور

تُبْ عَلَيَّ وَاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْتَ خَيْرُ

توبہ قبول کر میری اور بخش دے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر تو بہت اچھا ہے

الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ

سب مہربانوں سے اے اللہ واسطے تیرے ہے سب تعریف اور طرف تیری ہے

الْمُشْتَكٰى وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا

شکایت اور تو ہی ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور نہیں پھرنا

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ۝

گناہوں سے اور نہیں طاقت نیک کام کی مگر تیری توفیق سے

Marfat.com

# دُعا برائے حقوقِ والدین

حقوق والدین کے لیے دعا

حقوقِ والدین کے لئے دو رکعت نماز نفل پڑھے، ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک بار آیت الکرسی اور تین بار قُل شریف پڑھ کر یہ دُعا پڑھے۔ والدین کی خدمت میں اگر کسی قسم کی کوئی کوتاہی ہوگئی ہوگی تو خداوند قدوس اپنے فضل سے معاف فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَا لَطِيْفُ اُلْطُفْ بِيْ وَبِوَالِدَيَّ فِيْ

اے مہربان مہربانی کر ساتھ میرے اور ماں باپ میرے کے تمام

جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى يَا

حالات میں جیسا تو پسند کرے اور خوش ہو اے

عَلِيْمُ يَا قَدِيْرُ وَاغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ اِنَّكَ

جاننے والے اے قدرت والے اور بخش دے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو بے شک

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

Marfat.com

# دُعَائے حَبِیب

دعائے حبیب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

عَجَبًا لِلْمُحِبِّ کَیْفَ یَنَام

تعجب ہے کہ خدا کا دوست کیونکر سوتا ہے

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

طَالِبُ الْجَنَّۃِ لَا یَنَام

جنت کا طالب نہیں سوتا

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

خَالِقُ اللَّیْلِ لَا یَنَام

رات کا پیدا کرنے والا نہیں سوتا

Marfat.com

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# خَالِقُ الْخَلْقِ لَا یَنَامْ

مخلوق کا خالق نہیں سوتا

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اَلْعَرْشُ وَالْکُرْسِیُّ لَا یَنَامْ

عرش و کرسی نہیں سوتے

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اَللَّوْحُ وَالْقَلَمُ لَا یَنَامْ

لوح و قلم نہیں سوتے

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# کُلُّ الْمَلَکُوْتُ لَا یَنَامْ

آسمانی بادشاہتیں نہیں سوتیں

Marfat.com

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ
کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

اَلشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ لَا یَنَامْ
سورج اور چاند نہیں سوتے

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ
کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

اَلْاَرْضُ وَ السَّمَآءُ لَا یَنَامْ
زمین اور آسمان نہیں سوتے

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ
کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

اَلنَّجْمُ وَ الشَّجَرُ لَا یَنَامْ
پودے اور درخت نہیں سوتے

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ
کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سو گے

اَلْبَرُّ وَ الْبَحْرُ لَا یَنَامْ
خشکی اور سمندر نہیں سوتے

Marfat.com

## قُمْ قُمْ يَا حَبِيْبِيْ كَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

## اَلْجَنَّةُ وَالنَّارُ لَا يَنَامُ

جنت اور دوزخ نہیں سوتے

## قُمْ قُمْ يَا حَبِيْبِيْ كَمْ تَنَامُ

کھڑے کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

## اَلْحُوْرُ وَالْقُصُوْرُ لَا يَنَامُ

حوریں اور محلات نہیں سوتے

## قُمْ قُمْ يَا حَبِيْبِيْ كَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

## اَلطَّيْرُ وَالْوَحْشُ لَا يَنَامُ

پرندے اور وحشی جاندار نہیں سوتے

## قُمْ قُمْ يَا حَبِيْبِيْ كَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

## اَلنَّوْمُ عَلَى الْمُحِبِّ حَرَامٌ

نیند محبت کرنے والے پر حرام ہے

Marfat.com

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# طَالِبُ الْمَوْلٰی لَا یَنَام

خدا کا طالب نہیں سوتا

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اَلْعَاشِقُ وَالْمَعْشُوْقُ لَا یَنَام

عاشق اور معشوق نہیں سوتے

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اَلْعِشْقُ وَالْمَحَبَّۃُ لَا یَنَام

عشق و محبت نہیں سوتے

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَام

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اَللَّیْلُ وَالنَّھَارُ لَا یَنَام

رات اور دن نہیں سوتے

Marfat.com

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# نِعْمَ الْمَوْلٰی وَالْاِکْرَامُ لَا یَنَامُ

اچھا خدا احسان والا نہیں سوتا

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اٰدَمُ صَفِیُّ اللّٰہِ لَا یَنَامُ

حضرت آدم خدا کا پسندیدہ نہیں سوتا

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# اِبْرٰھِیْمُ خَلِیْلُ اللّٰہِ لَا یَنَامُ

ابراہیم خدا کا خلیل نہیں سوتا

# قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامُ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

# مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰہِ لَا یَنَامُ

موسیٰ خدا کا کلیم نہیں سوتا

Marfat.com

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰہِ لَا یَنَامْ

عیسیٰ خدا کی (پیدا کردہ) روح نہیں سوتا

قُمْ قُمْ یَا حَبِیْبِیْ کَمْ تَنَامْ

کھڑے ہو کھڑے ہو اے حبیب کب تک سوؤ گے

وَرَسُوْلُ اللّٰہِ لَا یَنَامْ

حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بھی نہیں سوتے

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ

بلندیوں کو پہنچے اپنے کمال کے ساتھ

کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ

(کفر کے) اندھیروں کو دور کیا اپنے جمال کے ساتھ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

اچھی ہیں ان کی تمام کی تمام عادات

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

درود وسلام ان پر اور ان کی آل پر

Marfat.com

# دُعائے حاجت

دعائے حاجت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بردبار بزرگ ہے

سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

پاک ہے اللہ تعالےٰ مالک عرش عظیم کا

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ

اور سب تعریفیں ہیں اللہ رب العلمین کے لئے میں سوال کرتا ہوں

مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ

اسباب آپ کی رحمت کے اور سامان آپ کی بخشش کے

وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ

اور حصہ ہر نیکی سے اور سلامتی ہر

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا

گناہ سے نہ چھوڑیئے میرا کوئی گناہ مگر

Marfat.com

غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا

اسے بخش دیجیے اور نہ کوئی پریشانی مگر اسے دُور کر دیجیے اور نہ کوئی

حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا

حاجت جو آپ کی پسندیدہ ہو مگر اسے پوری کر دیجیے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

# مُسَبَّعَاتِ عَشْرٌ

مسبعات عشر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ لا اَلرَّحْمٰنِ ۝ لا

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان

الرَّحِيْمِ ۝ لا مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ ط اِيَّاكَ

نہایت رحم والے ہیں جو مالک ہیں روزِ جزا کے ہم آپ ہی کی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ط اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے اعانت کی درخواست کرتے ہیں بتلا دیجیے

Marfat.com

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

ہم کو رستہ سیدھا رستہ اُن لوگوں کا جن پر آپ نے انعام فرمایا ہے

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

نہ رستہ اُن لوگوں کا جن پر آپ کا غضب ہوا اور نہ اُن

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۞ (سبع مرۃ)

لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے (سات مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ

آپ کہیے کہ میں آدمیوں کے مالک آدمیوں

النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ

کے بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے

الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

والے کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ

النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۞ (سبع مرۃ)

ڈالتا ہے خواہ وہ جن ہو یا آدمی سات بار

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ

آپ کہیے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات

مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○

کے شر سے اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ رات آ جاوے

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ○ وَمِنْ

اور گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ (سبع مرّة)

کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○

آپ کہہ دیجئے کہ وہ (یعنی) اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے

لَمْ يَلِدْ ۵ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ

اسکے اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی

Marfat.com

لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ (سبع مرة)

اس کے برابر کا ہے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ

آپ کہہ دیجئے کہ اے کافرو نہیں تمہارے معبودوں کی

مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

پرستش کرتا ہوں اور نہ تم میرے معبود کی

مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝

پرستش کرتے ہو اور نہ میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا

وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ

اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کروگے تم کو تمہارا

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ (سبع مرة)

بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

Marfat.com

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں زندہ ہے سنبھالنے والا ہے نہ

تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي

اس کو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند اسی کے مملوک ہیں سب

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ

جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں ایسا کون ہے جو اس کے

يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا

پاس سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے وہ جانتا ہے ان کے

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا

تمام حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کی معلومات میں سے کسی چیز کو

يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا

اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر چاہے

شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالیشان

Marfat.com

الْعَظِيْمُ ۞ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف قَدْ

ہدایت نہیں زبردستی میں دین ہے عظیم الشان

تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ

شیطان شخص سو جو ہے ہو چکی ممتاز گمراہی سے یقیناً

بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

تو ہو اعتقاد خوش اللہ سے اور ہو بد اعتقاد سے

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ق لَا

جس کو لیا تھام قلعہ مضبوط بڑا نے اس

انْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۞

والا ہے جاننے والا سننے اور اللہ نہیں شکستگی کسی طرح

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ

اللہ تعالیٰ ساتھی ہے اُن لوگوں کا جو ایمان لائے اُن کو تاریکیوں سے نکال کر

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کافر ہیں جو لوگ اور لاتا ہے نور کی طرف بچا کر

اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ

نکال کر نور سے وہ اُن کو ہیں شیاطین ساتھی اُن کے

Marfat.com

النُّوْرِ إِلَى الظُّلُمٰتِ ط أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ

یا بچا کر تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں ایسے لوگ دوزخ میں رہنے

النَّارِ ج هُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ ع (سبع مرّۃ)

والے ہیں یہ لوگ اس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والے ہیں

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ إِلٰهَ

پاک ہے اللہ اور سب تعریف واسطے اللہ کے اور نہیں کوئی معبود

إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا

سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے اور نہیں طاقت پھرنے کی

قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ (سبع مرات)

گناہوں سے اور نہیں طاقت عبادت کی سوائے توفیق اللہ عالی مرتبہ عظیم الشان کے (سات مرتبہ)

عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ

موافق گنتی اس چیز کے جو جانتا ہے اللہ اور وزن اس چیز کے جو جانتا ہے

اللّٰهُ وَمِلْأَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ (ثلثًا)

اللہ اور جسامت اس چیز کے جو جانتا ہے اللہ (تین مرتبہ)

Marfat.com

تَبَرَّءْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَالْتَجَاْتُ

بیزار ہوا میں اپنی طاقت اور اپنی قوت سے اور پناہ پکڑی میں نے

اِلٰی حَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ فِیْ جَمِیْعِ

طرف طاقت اور قوت اللہ تعالیٰ کے اپنے تمام

اُمُوْرِیْ (مَرَّۃً وَاحِدَۃً)

کاموں میں (ایک بار)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ

اے اللہ رحمت بھیج اوپر محمد بندے اپنے کے اور

نَبِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ

نبی اپنے کے اور حبیب اپنے کے اور رسول اپنے نبی

الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ

اُمّی کے اور اُن کی آل اور اصحاب پر اور

بَارِكْ وَسَلِّمْ ○ (سَبْعَ مَرَّۃً)

برکت اور سلام بھیج (سات بار)

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَارْحَمْهُمَا

اے اللہ بخش مجھ کو اور ماں باپ میرے کو اور رحم کر اُن پر جیسا

كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِيْرًا وَّاغْفِرْ اَللّٰهُمَّ

پالا انھوں نے مجھ کو لڑکپن میں اور بخش اے اللہ

لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان میں سے اور جو مُردہ ہیں

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ (سبع مرّة)

اپنی رحمت کے ساتھ اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے (سات بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِهِمْ عَاجِلًا

اے اللہ اے رب کر میرے ساتھ اور اُن کے ساتھ جلدی

Marfat.com

وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ

اور آہستگی سے دین اور دُنیا اور آخرت میں

مَآ اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا

وہ بات جس کے تو لائق ہے اور نہ کر ہمارے ساتھ اے

مَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ

مولا ہمارے وہ کام جو ہم لائق ہیں اس کے تحقیق تو

غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَّادٌ کَرِیْمٌ مَّلِکٌ

بخشنے والا متحمل سخی بزرگ بادشاہ

بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ (سبع مرّۃ) اَللّٰھُمَّ

پاک مہربان رحم والا (سات مرتبہ) اے اللہ

اِھْدِنِیْ بِرَاْفَتِکَ یَا نَافِعُ وَرَافِعُ

ہدایت کر مجھ کو ساتھ مہربانی اپنی کے اے نفع دینے والے اور بلندی دینے

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ

والے موت دے مجھ کو مسلمان اور ملا مجھ کو ساتھ نیکوں کے

(ستّ مرّۃ) یَا جَبَّارُ (احدا وعشرین مرّۃ)

(چھ مرتبہ) اے زبردست (۲۱ بار پڑھے)

Marfat.com

# اَوْرَادُ الْاُسْبُوْعِ الشَّرِيْفَةِ لِسَيِّدِنَا الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ

یہ اسبوع شریف کے اوراد مصنفہ ہمارے سردار غوث اعظم

## اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِیْ

ابی محمد عبد القادر جیلانیؒ کے ہیں

## وِرْدِ روزِ یک شنبہ (اتوار)

اتوار کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَلِيْلُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی ہے بزرگ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اللَّطِيْفُ ۝ الْحَلِيْمُ ۝

بڑا مہربان نہایت رحم والا لطف کرنے والا صاحب حلم

الرَّءُوْفُ ۝ الْعَفُوُّ ۝ الْمُؤْمِنُ ۝ النَّصِيْرُ ۝

مہربان معاف کرنے والا امن دینے والا مدد گار

الْمُجِيْبُ ۝ الْمُغِيْثُ ۝ الْقَرِيْبُ ۝ السَّرِيْعُ ۝

دعائیں قبول کرنے والا فریاد سننے والا نزدیک جلدی حساب لینے والا

Marfat.com

الْكَرِيْمُ ذُو الْإِكْرَامِ ذُو الطَّوْلِ رَبِّ

کرم کرنے والا صاحب اکرام صاحب حشمت اے پروردگار

أَكْسِنِي مِنْ جَمَالِ بَدِيْعِ الْأَنْوَارِ

میرے مجھے اپنے جمال بدیع الانوار کے

الْجَمَالِيَّةِ وَمَا يُدْهِشُ أَبْوَابَ الذَّرَّاتِ

لباس خوبصورت پہنا جو اپنی روشنی سے پیدائشی ذرات کے دروازے بند کر دیں

الْكَوْنِيَّةِ فَتَوَجَّهُ إِلَى حَقَائِقِ الْمُكَوَّنَاتِ

یعنی تمام اندھیرے مجھ سے دور ہو جاویں پس حقائق کائنات کے مجھ پر ذاتی محبت

تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِيَّةِ الْجَاذِبَةِ

مطلق جمال کی شہود کی طرف کھینچنے والے توجہ

إِلَى شُهُوْدِ مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِي لَا

مجھ پر کریں وہ جمال کہ جس کو کوئی کلنک نہیں

يُضَارُّهُ قُبْحٌ وَلَا يَقْطَعُ عَنْهُ إِيْلَامٌ

لگتا اور نہ کبھی اس کو کوئی دکھ قطع کرتا ہے

وَاجْعَلْنِي مَرْحُوْمًا مِنْ كُلِّ رَحْمٍ بِحُكْمِ

اور مجھے ہر ایک رحمت سے مرحوم کر ساتھ حکم اپنی

Marfat.com

الْعَطُوْفِ الْحَبِّیِ الَّذِیْ لَا یَشُوْبُہٗ

محبت کرنے والے مہربان کے جس میں کوئی انتقام کا

انْتِقَامٌ وَّلَا یُنَقِّصُہٗ غَضَبٌ وَّلَا

شائبہ نہیں اور نہ اس کو کوئی غضب ناخوش کرتا ہے اور نہ

یَقْطَعُ مَدَدَہٗ سَبَبٌ وَّتَوَلَّ ذٰلِکَ

اس کی یاوری کو کوئی سبب کاٹ سکتا ہے اور اس بات کی کارسازی

بِحُکْمِ اَبَدِیَّتِہٖ وَاِرْثِیَّتِکَ اِلٰی غَیْرِ نِہَایَۃٍ

فرما ساتھ اپنی ابدایت اور اپنی لانہایت دوام اور ہمیشگی کے ہمراہ کہ جس کو

لَاتَقْطَعُھَا غَایَۃٌ یَّا رَحِیْمُ ھُوَ الرَّحِیْمُ

کوئی حد ختم نہیں کرتی اے مہربان تو ہی مہربان ہے

رَبَّاہٗ رَبَّاہٗ غَوْثُہٗ یَا خَفِیًّا لَّا یَظْھَرُ

اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار اے میرے فریادرس اے پوشیدہ جو ظاہر نہیں ہوتا

یَا ظَاھِرًا لَّا یَخْفٰی لَطُفَتْ اَسْرَارُ

اے ظاہر جو پوشیدہ نہیں ہوتا تیرے اعلیٰ وجود کے اسرار

وُجُوْدِکَ الْاَعْلٰی فَتُرٰی فِیْ کُلِّ مَوْجُوْدٍ

باریک ہیں پس تو ہر ایک موجودات میں دیکھا جا سکتا ہے

Marfat.com

وَعَلَتْ اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ

اور تیرے پاک ظہور سے انوار بلند ہیں پس ہر ایک

فِیْ كُلِّ مَشْهُوْدٍ وَّاَنْتَ الْحَلِیْمُ الْمَنَّانُ

مشہود میں ظاہر ہو رہے ہیں اور تو حلم کرنے والا مہربان ہے

بِالرَّاْفَةِ وَالْعَفُوُّ السَّرِیْعُ بِالْمَغْفِرَةِ

احسان والا اور جلدی معافی بخشش کے ساتھ کرنے والا ہے

مُؤْمِنُ الْخَآئِفِیْنَ نَصِیْرُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ

خوف کرنے والوں کو امن دینے والا فریاد کرنے والوں کو مدد دینے والا

اَلْقَرِیْبُ بِمَحْوِ جِهَاتِ الْقُرْبِ وَ

قرب اور بُعد کے جہات دُور کر کے قریب کر

الْبُعْدِ عَنْ عُیُوْنِ الْعَارِفِیْنَ یَا كَرِیْمُ

دینے والا عارفوں کی آنکھوں سے پردہ اٹھانے والا اے کرم کرنے والے

یَا كَرِیْمُ یَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ سَلَامٌ

اے کرم کرنے والے اے صاحب حشمت اور بزرگی کے سلام

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ

کہا گیا رب رحیم سے اور سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

Marfat.com

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

جو پروردگار ہے جہانوں کا

# وِردِ روزِ دوشنبہ (پیر)

پیر کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِیْمُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں صاحب حلم

الرَّحِیْمُ الْفَعَّالُ اللَّطِیْفُ الْوَلِیُّ

نہایت مہربان کارکن باریک بین کارساز

الْحَمِیْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِیْدُ الرَّحْمٰنُ

سراہا گیا متحمل ہدایت والا مہربان

رَبِّ اَذِقْنِیْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلَیَّ

اے پروردگار میرے مجھے اپنے حلم کی ٹھنڈک چکھا جو میرے

مَا ابْتَهِجُ بِهٖ فِیْ عَوَالِمِیْ فَلَا اَشْهَدُ

حق میں ہو جس کے ساتھ میں اپنی معلومات کی رو سے خوش ہو جاؤں

Marfat.com

فِی الْکَوْنِ اِلَّا مَا یَقْتَضِیْ سُکُوْنِیْ وَ

پس جہان میں اپنے سکون اور رضا کے اقتضا سے مجھے

رِضَاءِیْ فَاِنَّکَ الْحَقُّ وَاَمْرُکَ الْحَقُّ

دکھائی دیویں کیونکہ تو حق اور تیرا امر حق ہے

وَاَنْتَ الْحَکِیْمُ الرَّحِیْمُ رَبِّ اَشْهِدْنِیْ

اور تو حکمت والا مہربان ہے اے میرے پروردگار مجھے

مُطْلَقَ فَاعِلِیَّتِکَ فِیْ کُلِّ مَفْعُوْلٍ حَتّٰی

ہر ایک مفعول میں اپنی فاعلیت دکھا یعنی مجھے ایسا کر کہ تیرے کمال قدرت

لَا اَرٰی فَاعِلًا غَیْرَکَ لِاَکُوْنَ مُطْمَئِنًّا

کے سوا کسی فاعلیت کو خیال میں نہ لاؤں یہاں تک کہ کوئی فاعل تیرے سوا نہ

تَحْتَ جَرَیَانِ اَقْدَارِکَ مُنْقَادًا لِکُلِّ

دیکھوں تاکہ تیری تقدیروں کے نیچے ثابت و مطمئن دل ہو جاؤں اور تیرے

حُکْمٍ وُجُوْدِیٍّ عَیْنِیٍّ وَغَیْبِیٍّ وَبَرْزَخِیٍّ

ہر ایک حکم وجودی عینی اور غیبی اور برزخی کا فرمانبردار

بِاَنَا فِخَارِ وُجُوْدِ اَمْرِهٖ فِیْ کُلِّ عَیْنٍ

ہو جاؤں اپنے امر کی روح ہر ایک وجود میں پھونکنے والے

Marfat.com

اِجْعَلْنِیْ مُنْفَعِلًا فِیْ كُلِّ حَالٍ لِّمَا

مجھے امر قبول کرنے والا ہر حال میں کر جو کہ مجھے

يُحَوِّلُنِیْ عَنْ ظُلُمٰتِ تَكْوِيْنَاتِیْ وَامْحُ

جہان کے اندھیروں سے برگشتہ کرے اور اپنے اور اپنے فعل

فِعْلِیْ وَفِعْلَ الْفَاعِلِيْنَ فِیْ اَحَدِيَّةِ

کے اکیلاپن میں میرا فعل اور تمام فاعلین کا فعل نیست

فِعْلِكَ وَتَوَلَّنِیْ بِجَمِيْلِ حَمِيْدِ اخْتِيَارِكَ

کر دے اور اپنے بزرگ اور نکوئی والے اختیار سے جو تو میرے لیے رکھتا ہے

لِیْ فِیْ جَمِيْعِ تَوَجُّهَاتِیْ وَاَفْنِ مِنِّیْ

میری کارسازی تمام توجہات سے کر اور میرے ارادہ کو مجھ سے

اِرَادَتِیْ وَصَبِّرْنِیْ وَسَدِّدْنِیْ وَارْحَمْنِیْ

فانی کر اور مجھے صبر دے اور مجھے نفسانی خواہشوں سے بند کر اور مجھ پر رحم کر

وَاَصْحِبْنِیْ بِاللُّطْفِ وَالْعِنَايَةِ بِمَعِيَّةٍ

اور لطف و عنایت سے میری ہمراہی اور ساتھ ہمراہی خاص کے اور جو

خَاصَّةٍ مِّنْكَ وَحَقِّقْنِیْ بِقُرْبِكَ الَّذِیْ

تیرے ساتھ ہو فرما اور مجھے اپنے اس قرب کے لائق کر جس میں

Marfat.com

لَا وَحْشَةَ مَعَهٗ يَا رَحْمٰنُ يَا سَلَامُ

میرے ساتھ کوئی وحشت نہ رہے اے رحمٰن اے سلامتی دینے والے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اور سب تعریف اللہ پروردگار عالمین کو ہے

## وِرد روزِ سہ شنبہ (منگل)

منگل کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِیْ مَآ اَحْلَمَكَ عَلٰى مَنْ عَصَاكَ

اے میرے معبود برحق تو کتنا بردبار ہے اس پر جو تیری نافرمانی کرے

وَمَآ اَقْرَبَكَ مِمَّنْ دَعَاكَ وَمَآ

اور تو کیسا قریب ہے اس سے جو تجھے پکارے اور تو کیسا

اَعْطَفَكَ عَلٰى مَنْ سَاَلَكَ وَمَآ اَرْاَفَكَ

مہربان ہے اس پر جو تجھ سے سوال کرے اور تو کیسا بڑا رحیم ہے

بِمَنْ اَمَّلَكَ مَنْ ذَا الَّذِیْ سَاَلَكَ

اس کے ساتھ جو تجھ سے امید رکھے کون ہے جس نے تجھ سے سوال کیا

Marfat.com

فَحَرَمْتَهٗ اَوْ لَجَاَ اِلَيْكَ فَاَهْمَلْتَهٗ

پس تو نے اس کو محروم رکھا یا تیری طرف ملتجی ہوا پس تو نے اس کو بیکار

اَوْ تَقَرَّبَ مِنْكَ فَاَبْعَدْتَّهٗ اَوْ هَرَبَ

چھوڑا یا تجھ سے ملاپ چاہا پس تو نے اس کو دور کر دیا یا تیری طرف

اِلَيْكَ فَطَرَدْتَّهٗ لَكَ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ

دوڑ کر آیا پس تو نے اس کو دھتکار دیا سب خلقت تیری ہے سب امر

اِلٰهِيْ اَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَتَوْحِيْدُكَ فِيْ

تیرے ہیں اے میرے معبود کیا تو مناسب سمجھتا ہے کہ تو ہمیں عذاب دے درانحالیکہ

قُلُوْبِنَا وَمَا اَخَالُكَ تَفْعَلُ وَلَئِنْ

تیری توحید ہمارے دلوں میں ہو اور میں گمان نہیں کرتا کہ تو ایسا کرے اور اگر تو

فَعَلْتَ اَتَجْمَعُنَا مَعَ قَوْمٍ طَالَمَا

ایسا کرے تو کیا تو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ اکٹھا کریگا جن کو ہم بڑی مدت سے تیری

بَغَضْنَاهُمْ لَكَ فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ اَسْمَآئِكَ

محبت کے سبب سے دشمن جانتے ہیں پس اپنے ناموں کی پوشیدہ تاثیرات کے سبب سے

وَمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ بَهَآئِكَ

اور اس نور ذات کے طفیل سے جو پردوں میں پوشیدہ ہے

Marfat.com

أَنْ تَغْفِرَ لِهٰذِهِ النَّفْسِ الْهَلُوْعِ وَ

اس حریص نفس اور اس بے صبر

لِهٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِىْ لَا يَصْبِرُ

کو بخش جو کہ دھوپ کی گرمی میں صبر

لِحَرِّ الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ

نہیں کر سکتا پس تیری آگ کی گرمی میں کس طرح صبر کر سکے گا

يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ

اے حلم کرنے والے اے بڑے مرتبہ والے اے سخی اے مہربان

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّلِّ اِلَّا

اے اللہ ہم تیری ہی پناہ میں آتے ہیں ذلت سے مگر جو

لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَمِنَ

تیرے لیے ہو اور خوف سے مگر جو تجھ سے ہو اور فقر و فاقہ

الْفَقْرِ اِلَّا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ

سے پناہ مانگتے ہیں مگر جو تیری طرف ہو اے اللہ جیسا تو نے ہمارے

وُجُوْهَنَا اَنْ تَسْجُدَ لِغَيْرِكَ فَصُنْ اَيْدِيَنَا

مونہوں کو غیر کے آگے سجدہ کرنے سے بچایا ایسا ہی ہمارے ہاتھوں کو بچا کہ

Marfat.com

اَنْ تَمُدَّ يَدًا بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

ہمارے ہاتھ غیر کے آگے سوال نہ کریں کوئی معبود نہیں مگر تو ہی ہے

اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور سب صفت و ثنا پروردگار جہانوں کے لئے ہے

# وِردِ روزِ چہار شنبہ (بدھ)

بدھ کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِيْ عَمَّ قِدَمُكَ حَدَثِيْ فَلَآ اَنَا وَ

اے اللہ تیری ہمیشگی نے میری پیدائش پر عام احسانات کئے۔ پس میں

اَشْرَقَ سُلْطَانُ نُوْرِ وَجْهِكَ فَاَضَآءَ

تو کچھ نہیں اور تیری ذات کا نور مجھ پر چمکا پس میری بشریت کے

هَيْكَلَ بَشَرِيَّتِيْ وَلَا سِوَاكَ فَمَا دَامَ مِنِّيْ

ہیکل کو روشن کر دیا۔ اب تیرے سوا کوئی نظر نہیں آتا۔ پس میں

Marfat.com

فَبِدَوَامِكَ وَاِمَّا فَنِيْتُ عَنِّيْ فَبِرُؤْيَتِيْ

جب تک رہوں گا تیرے بقا کے ساتھ قائم رہوں گا اور جب میں فنا ہوں گا

اِيَّايَ وَاَنْتَ الدَّآئِمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

تو دیدار تیرا مجھے نصیب ہو اور تو دائم ہے نہیں کوئی معبود مگر تو ہی

اَسْاَلُكَ بِالْاَلِفِ اِذَا تَقَدَّمَتْ وَبِالْهَاۤءِ

تجھ سے سوال کرتا ہوں طفیل الف اللہ کے جب مقدم کیا جاتا ہے اور طفیل ہاء

اِذَا تَاَخَّرَتْ وَبِالْهَاۤءِ مِنِّيْ اِذَا انْقَلَبَتْ

کے جب پیچھے آتی ہے اور ساتھ ہاء کے مجھ سے جب لام سے بدل

لَامًا اَنْ تُفْنِيَنِيْ بِكَ عَنِّيْ حَتّٰى تَلْتَحِقَ

جاتی ہے یہ کہ اپنی ذات کے ساتھ مجھے محو کر دے یہاں تک کہ

الصِّفَةُ بِالصِّفَةِ وَتَقَعَ الرَّابِطَةُ بِالذَّاتِ

صفت کے ساتھ صفت مل جائے اور ذات کے ساتھ رابطہ قائم ہو جائے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

نہیں کوئی معبود تیرے سوا اے زندہ اے قائم اے صاحب بزرگی

وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَسَلَّمَ

اور اکرام کے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور سلام ہو

Marfat.com

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اور ہمارے سردار محمد کے اور اُن کے آل پر اور اُن کے اصحاب

اَجْمَعِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سب پر اور تمام تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ۝

اور سب تعریفیں اسی اکیلے کو لائق ہیں

## وِرد روزِ پنج شنبہ (جمعرات)

جمعرات کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ج ۝

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ دائم ہے اور ہمیشہ قائم ہے

الٓمّٓ ۝ لا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝

الم اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ قائم ہے

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ

اور تمام چہرے زندہ اور قائم خدا کے آگے ذلیل ہوں گے اے اللہ

Marfat.com

إِنِّيْ أَسْأَلُكَ يَا أَللّٰهُ يَا أَللّٰهُ يَا أَللّٰهُ

میں تیری پناہ مانگتا ہوں اے اللہ اے اللہ اے اللہ

بِمَا سَأَلَكَ بِهٖ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى

وہ کچھ جو تیرے نبی نے تجھ سے سوال کیا جن کا نام پاک محمد ہے رحمت بھیجے

اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا وَدُوْدُ

اللہ تعالیٰ اُن پر اور اُنکی آل پر اور سلام بھیجے اے مہربان

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ

اے مہربان اے مہربان اے صاحب عرش بزرگ کے

يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

اے پہلی بار بیدا کرنوالے اے دوسری بار پیدا کرنوالے اے جو کچھ چاہے کرنے والے

أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَأَ أَرْكَانَ

تیرے ذاتی نور کے طفیل۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں وہ نور جس نے عرش کے

عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَرْتَ

ارکان کو پُر کر دیا۔ اور تیری قدرت کے طفیل جس کے ساتھ تو

بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ

تمام مخلوقات پر قادر و غالب ہے۔ اور تیری رحمت

Marfat.com

الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کے طفیل جو کہ ہر چیز پر واسع اور فراخ ہے، نہیں کوئی معبود برحق

اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ

تیرے سوا اے میرے فریادرس میری فریادرسی کر فریادرسی کر فریادرسی کر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ یَا لَطِیْفُ قَبْلَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے باریک بیں ہر ایک

کُلِّ لَطِیْفٍ ۵ وَّیَا لَطِیْفُ بَعْدَ کُلِّ لَطِیْفٍ ۵

باریک بیں سے پہلے اور اے مہربان ہر ایک مہربان سے بعد

یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ لَطُفْتَ

اے مہربان اے مہربان اے مہربان تو نے

بِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط ۵ اَسْئَلُكَ

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں لطف کیا اے اللہ میں

یَا رَبِّ کَمَا لَطُفْتَ بِیْ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَحْشَآءِ ط ۵

مہربانی کا سوال کرتا ہوں جیسا تو نے مجھ پر ماں کے پیٹ کے اندھیروں میں

اُلْطُفْ بِیْ فِیْ قَضَآئِكَ وَقَدَرِكَ وَ

لطف کیا ایسا ہی تو مجھ پر اپنی قضا و قدر میں مہربانی کر اور

Marfat.com

فَرِّجْ عَنِّی الضِّیْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِیْ مَالَا

مجھ سے تنگی دور کر دے اور جس تکلیف کی میں طاقت نہیں رکھتا وہ مجھ

اُطِیْقُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی

پر نہ ڈالیو بحرمت محمدؐ کے اُن پر اللہ تعالیٰ کی رحمت

عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ

اور اُن کی آل پر اور بحرمت ابوبکر صدیق اکبر کے

رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ یَا لَطِیْفُ یَا

خدا تعالیٰ ان سے راضی ہو اے مہربان اے

لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ بِیْ بِخَفِیِّ

مہربان اے مہربان مجھ پر مہربانی کر ساتھ باریک در

خَفِیِّ خَفِیِّ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ

باریک در باریک لطف اپنے کے جو نہایت مخفی در مخفی در مخفی ہے

اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اَللّٰهُ لَطِیْفٌ

تو نے فرمایا اور تیرا فرمانا سچ ہے اللہ مہربان ہے

بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ

اپنے بندوں پر رزق دیتا ہے جس کو چاہے اور وہ قوت والا

Marfat.com

الْعَزِيْزُ ۝ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط

غالب ہے۔ اور ہم کو اللہ کافی ہے اور اچھا کارساز ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار جہانوں کا ہے

# وِرْدِ رُوزِ جُمُعه

جمعہ کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعَظِيْمِ قَدِيْمِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں طفیل بزرگ قدیم

كَرِيْمِ مَكْنُوْنِ مَخْزُوْنِ اَسْمَآئِكَ

صاحب عزت پوشیدہ پاک ناموں تیرے کے

وَبِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رُقُوْمِ نُقُوْشِ اَنْوَارِكَ

اور طفیل قسموں جنسوں رقموں نقشوں نوروں تیرے کے

وَبِعِزِّ بِرِّ اِعْزَازِ تَعِزِّ عِزَّتِكَ

اور طفیل عزت والے اعزاز بزرگ عزت تیری کے

Marfat.com

وَبِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ

اور طفیل طاقت غلبے حملے شدید قوت تیری کے

وَبِقَدْرِ مِقْدَارِ اِقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ

اور طفیل قدر اندازے اقتدار قدرت تیری کے

وَبِتَايِيْدِ وَتَحْمِيْدِ تَمْجِيْدِ تَعْظِيْمِ

اور طفیل تائید تعریف بزرگی بیان کرنے تعظیم

عَظْمَتِكَ وَبِسُمُوِّ نُمُوِّ عُلُوِّ رِفْعَتِكَ

عظمت تیری کے اور طفیل اونچائی بڑھنے بلندی رفعت تیری کے

وَبِقَيُّوْمِ دَيْمُوْمِ دَوَامِ مُدَّتِكَ

اور طفیل قائم رکھنے والی ہمیشگی دوام مدت تیری کے

وَبِرِضْوَانِ غُفْرَانِ اَمَانِ مَغْفِرَتِكَ

اور طفیل رضامندی بخشش امان مغفرت تیری کے

وَبِرَفِيْعِ بَدِيْعِ مَنِيْعِ سُلْطَانِكَ وَ

اور طفیل بلند عجائب پختہ حکومت اور

سَطْوَتِكَ وَبِرَهَبُوْتِ عَظَمُوْتِ جَبَرُوْتِ

غلبہ تیرے کے اور طفیل دبدبے عظمت تکبر

Marfat.com

جَلَالِكَ وَبِصَلَاتِ سُعَاتِ سِعَةِ

جلال تیرے کے اور طفیل رحمت پاک فراخی

بِسَاطِ رَحْمَتِكَ وَبِلَوَامِعِ بَوَارِقِ

فرش رحمت تیری کے اور طفیل چمکنے والے روشن

صَوَاعِقِ عَجِيجِ هَجِيجِ رَهِيجِ

بجلیوں گرج دار صاف روشن خوشنما نور

بَهِيجِ نُورِ ذَاتِكَ وَبِبَهْرِ قَهْرِ جَهْرِ

ذات تیری کے اور طفیل روشن غلبے ظاہر

مَيْمُونِ ارْتِبَاطِ وَحْدَانِيَّتِكَ وَ

مبارک رابطے توحید تیری کے اور

بِهَدِيرِ هَيَّارِ تَيَّارِ نَيَّارِ أَمْوَاجِ

طفیل برحق زوردار جوش زن موجوں دریا تیرے کے

بَحْرِكَ الْمُحِيطِ بِمَلَكُوتِكَ وَبِاتِّسَاحِ

جو تیری بادشاہی کا محیط ہے اور طفیل فراخ

انْفِسَاحِ مَيَادِينِ بَرَازِخِ كُرْسِيِّكَ

فراخی میدانوں حدود کرسی تیری کے

Marfat.com

وَبِهَيْكَلِيَّاتِ عُلْوِيَّاتِ رُوحَانِيَّاتِ

اور طفیل پاک اشکال مقامات بلند روحانیات

أَمْلَاكِ أَفْلَاكِ عَرْشِكَ وَبِأَمْلَاكِ

ملکوں افلاک عرش تیرے کے اور طفیل فرشتوں

الرُّوحَانِيِّينَ الْمُدَبِّرِينَ لِلْكَوَاكِبِ

روحانیوں کواکب کی تدبیر کرنے والوں

الْمُدِيرَةِ بِأَفْلَاكِكَ وَبِحَنِينِ

تیرے آسمانوں کے کارخانہ داروں کے اور طفیل

أَنِينِ تَسْكِينِ قُلُوبِ الْمُرِيدِينَ

گریہ زاری تسکین دلوں تیرے قرب کے

بِقُرْبِكَ وَبِخَضَعَاتِ حُرَقَاتِ زَفَرَاتِ

خواہش مندوں کے اور طفیل عاجزیوں سوزشوں مناجاتوں

الْخَائِفِينَ مِنْ سَطْوَتِكَ وَبِآمَالِ

آہ و زاری تیری ہیبت سے ڈرنے والوں کے اور طفیل بخشش

نَوَالِ أَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِينَ فِي مَرْضَاتِكَ

کی امیدوں تیری رضامندی میں کوشش کرنے والوں کے

Marfat.com

وَبِتَخْضِيعِ تَفْظِيعِ تَفَظُّعِ تَعْظِيمِ

اور طفیل عجز و نیاز بھاری تکلیف کی تنگی تلخیوں

مَرَآئِرِ الصّٰبِرِيْنَ عَلٰى بَلْوَآئِكَ وَ

صابر لوگوں کے تیری بلاؤں پر اور

بِتَعَبُّدِ تَمَجُّدِ تَجَلُّدِ الْعٰبِدِيْنَ عَلٰى

طفیل بندگی بزرگی بہادری عابد لوگوں کے تیری

طَاعَتِكَ يَا اَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ

اطاعت پر اے اول اے آخر اے ظاہر

يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا مُقِيْمُ يَا قَوِيْمُ

اے باطن اے قدیم اے مقیم اے قائم رہنے والے

اِطْمِسْ بِطِلَسْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

محو کر دے برکت طلسم بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ شَرَّ سُوَيْدَآءِ قُلُوْبِ اَعْدَآئِنَا

الرحیم کے شر سیاہی دلوں دشمنوں ہمارے

وَاَعْدَآئِكَ وَدُقَّ اَعْنَاقَ رُءُوْسِ

اور دشمنوں اپنے کو اور اپنے قہر و غلبہ کی تیز تلواروں

Marfat.com

الظَّلَمَةِ بِسُیُوفِ نَشَاتِ قَهرِكَ

ظالموں کے سروں سے گردنیں کاٹ دے

وَسَطُوَتِكَ وَاحْجُبْنَا بِحُجُبِكَ

اور ہم کو اپنے محکم پردوں

الْكَثِيفَةِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ

میں بطفیل اپنی طاقت و قوت اور قدرت

عَنْ لَحَظَاتِ لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ

ان کی آنکھوں کی بدنظروں کے چمکاروں سے

اَبْصَارِهِمُ الضَّعِيفَةِ بِعِزَّتِكَ وَ

ڈھانپ لے بطفیل اپنی عزت و

قُدْرَتِكَ وَسَطُوَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

قدرت کے اور غلبے کے اے اللہ اے اللہ

يَا اَللّٰهُ وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيبِ

اے اللہ اور ہم پر توفیق کے فواروں کے

مَيَازِيبِ التَّوْفِيقِ فِي رَوْضَاتِ

نلکوں سے نیک بختیوں کے باغوں میں

Marfat.com

السَّعَادَاتِ اٰنَآءَ لَيْلِكَ وَاَطْرَافَ نَهَارِكَ

رات دن پانی برسا اور ہم کو

وَاَغْمِسْنَا فِيْ اَحْوَاضِ سَوَاقِيْ مَسَاقِيْ

اپنی نیکوئی و احسان کے جاری و سیراب حوضوں میں

بِرِّكَ وَرَحْمَتِكَ وَقَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ

نہلا اور ہم کو گناہوں سے بچنے

السَّلَامَةِ عَنِ الْوُقُوْعِ فِيْ مَعْصِيَتِكَ

کی قیدوں میں قید رکھ دا

يَآ اَوَّلُ يَآ اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

اے اوّل اے آخر اے ظاہر اے باطن

يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيْمُ يَا مُقِيْمُ يَا مَوْلَآئِيْ

اے قدیم اے قائم اے مقیم اے میرے مولا

يَا قَادِرُ يَا مَوْلَآئِيْ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ

اے قادر اے میرے مولا اے گناہ بخشنے والے اے لطف کرنے والے

يَا خَبِيْرُ اَللّٰهُمَّ ذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ وَ

اے خبر رکھنے والے اے اللہ عقل جاتی رہی اور

Marfat.com

انْحَسَرَتِ الْاَبْصَارُ وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ

آنکھیں تھک گئیں اور وہم حیران ہو گئے

وَضَاقَتِ الْاَفْهَامُ وَبَعُدَتِ الْخَوَاطِرُ

اور فہم تنگ ہو گئے اور دل کی باتیں دور جا پڑیں

وَقَصُرَتِ الظُّنُوْنُ عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ

اور ظن کم ہمت ہو گئے تیری ذات کی کنہ

كَيْفِيَّةِ ذَاتِكَ وَمَا ظَهَرَ مِنْ بَوَادِيْ

کیفیت معلوم کرنے سے اور تیرے ہر قسم کے

عَجَائِبِ اَنْوَاعِ اَصْنَافِ قُدْرَتِكَ

عجائبات کے جنگلوں سے کچھ ظاہر نہ ہوا

دُوْنَ الْبُلُوْغِ اِلٰى تَلَاْلُؤِ لَمَحَاتِ

سوائے چمکنے چمکار روشنیوں چمک

بُرُوْقِ شُرُوْقِ اَسْمَائِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

دمک ناموں تیرے کے اے اللہ اے اللہ

يَا اَللّٰهُ يَا اَوَّلُ ۵ يَا اٰخِرُ ۵ يَا ظَاهِرُ ۵

اے اللہ اے اول اے آخر اے ظاہر

Marfat.com

یَا بَاطِنُ یَا قَدِیْمُ یَا قَوِیْمُ یَا مُقِیْمُ

اے باطن اے قدیم اے پختہ کار اے مقیم

یَا نُوْرُ یَا هَادِیْ یَا بَدِیْعُ یَا بَاقِیْ

اے نور اے ہادی اے پیدا کرنے والے اے باقی

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

اے صاحب جلال اور عظمت انعام عام کے تیرے سوا کوئی عبادت کے

اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِیْثُ یَا غِیَاثَ

لائق نہیں ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں اے فریادیوں

الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

کے فریاد رس ہماری فریاد سن تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں

بِرَحْمَتِكَ ارْحَمْنَا اَللّٰهُمَّ مُحَرِّكَ

اپنی رحمت کے طفیل ہم پر رحمت فرما اے اللہ تحریک دینے والے

الْحَرَکَاتِ وَمُبْدِئَ نِهَایَاتِ الْغَایَاتِ

تمام حرکات کے اور تمام مقاصد کے انتہاء کو شروع کرنے والے

وَمُخْرِجَ یَنَابِیْعِ قُضْبَانِ قَضَبَاتِ

اور زمین سے چشمے نکالنے والے لوبیوں کی شاخیں اگانے والے

Marfat.com

النَّبَاتِ وَمُشَقِّقَ صُمِّ جَلَامِيدِ الصُّخُورِ

اور اے اللہ ٹھوس اور سخت پتھروں اور محکم پہاڑوں کے

الرَّاسِيَاتِ وَالْمُنْبِعَ مِنْهَا مَآءً مَّعِيْنًا

پھاڑنے والے اور ان میں سے مخلوقات کے لئے میٹھے پانی کے

لِّلْمَخْلُوْقَاتِ وَالْمُحْيِیَ بِهٖ سَآئِرَ

چشمے نکالنے والے اور اس پانی سے تمام جانداروں

الْحَيَوَانَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْعَالِمَ

اور بوٹیوں کے زندہ کرنے والے اور اے

بِمَا اخْتَلَجَ فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ اَسْرَارِهِمْ

لوگوں کے سینوں کے بھیدوں اور فکروں کے

وَاَفْكَارِهِمْ وَفَكِّ رَمْزِ نُطْقِ اِشَارَاتِ

جاننے والے اور باریک رمز و اشارے زمین پر چلنے

خَفِيَّاتِ لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ

والی چیونٹیوں کے لغتوں اور بولیوں کے سمجھنے والے

يَا مَنْ سَبَّحَتْ وَقَدَّسَتْ وَعَظَّمَتْ

اے وہ پاک ذات کہ تیری تسبیحیں بیان کیں اور تجھے پاکی سے یاد کیا

Marfat.com

وَكَبَّرَتْ وَمَجَّدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ

اور تیری عظمت بیان کی اور تجھے بڑائی سے یاد کیا اور تیری بزرگی بیان کی

كَمَالِ اَقْدَامِ اَقْوَالِ اَعْظَامِ عِزَّةِ

ساتھ بزرگی خوبصورتی کمال پیش رو اقوال بڑے بڑے کے جو تیری عزت

وَجَبَرُوْتِهٖ مَلٰٓئِكُ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ

اور جبروت کے لائق ہیں سات آسمانوں کے فرشتوں نے

اُجْعَلْنَا فِيْ هٰذَا الْعَامِ وَفِيْ هٰذَا الشَّهْرِ

کر دے ہم کو اس سال اور اس مہینہ

وَفِيْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ

اور اس جمعہ اور اس دن

وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ

اور اس ساعت اور اس وقت

الْمُبَارَكِ مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ

مبارک میں ان لوگوں میں سے جن کی دعا قبول کرتا ہے

وَسَاَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَتَضَرَّعَ اِلَيْكَ

اور جو سوال کریں عطا کرتا ہے اور ان کی عاجزی پر

Marfat.com

فَرَحِمْتَهٗ وَاِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ اَدْنَيْتَهٗ

رحم کرتا ہے اور اپنی سلامتی کے گھر میں ان کو پہنچاتا ہے

بِفَضْلِكَ يَا جَوَّادُ يَا جَوَّادُ يَا جَوَّادُ

اپنے فضل سے اے سخی اے سخی اے سخی

جُدْ عَلَيْنَا وَعَامِلْنَا بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ

ہم پر سخاوت کر اور ہمارے ساتھ وہ معاملہ کر جس کے تو لائق ہے

وَلَا تُقَابِلْنَا بِمَا نَحْنُ اَهْلُهٗ اِنَّكَ

اور اس بات کی ہم پر گرفت نہ کر جس کے ہم لائق ہیں تو ہی

اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

پرہیزگاری اور بخشش کے لائق ہے

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

اے تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان اے اللہ اے اللہ

يَا اَللّٰهُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ

اے اللہ اے اول اے آخر اے ظاہر

يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيْمُ يَا مُقِيْمُ

اے باطن اے قدیم اے قائم اے مقیم

Marfat.com

يَا نُوْرُ ط يَا هَادِیْ ط يَا بَدِيْعُ ط يَا بَاقِیْ ط

اے نور اے ہادی اے پیدا کرنے والے اے باقی

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

اے صاحب جلال اور عظمت کے تیرے سوا کوئی معبود برحق

اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ ط يَا غِيَاثَ

نہیں ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں اے فریاد کرنے والوں

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا ط لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

کی فریاد سننے والے ہماری فریاد سن تیرے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں

وَبِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ

اور ساتھ تیری رحمت کے اے زیادہ مہربان رحمت کرنے والوں سے ہم سوال کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ یہ کہ رحمت بھیجے تو اوپر ہمارے سردار محمد

وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَتُسَلِّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ

اور اسکی آل اور اسکے اصحاب پر اور سلام بھیج تو اور یہ کہ ہماری

حَوَآئِجَنَا يَا اَللّٰهُ ط يَا اَللّٰهُ ط يَا اَللّٰهُ ط

حاجتیں پوری کر اے اللہ اے اللہ اے اللہ

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور سب تعریفیں اللہ جہانوں کے پروردگار کو لائق ہیں

# وِرد روزِ شنبہ (ہفتہ)

ہفتہ کے روز کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نِّعَمُهٗ لَا تُحْصٰى ط

اے اللہ اے وہ ذات کہ اس کی نعمتیں کوئی نہیں گن سکتا

وَاَمْرُهٗ لَا يُعْصٰى ط وَنُوْرُهٗ لَا يُطْفٰى ط

